Noman Iqbal

ہمارامقصد | احناف کا شجرہ و سند | مسئلہ تقلید | مسئلہ رفع الیدین | مسئلہ طلاقِ ثلاثہ | مسئلہ تراویح | مناظرہ قرأت خلف الامام | ناظرے
فروعی واختلافی مسائل پر بیانات | حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے مروی ترکِ رفع یدین کی حدیث کے صحیح ہونے کی مکمل تحقیق | ترکِ رفع یدین کی حدیث کے صحیح ہونے کی مکمل تحقیق
حضرت عمر بن خطابؓ سے مروی ترکِ رفع یدین کی حدیث کے صحیح ہونے کی مکمل تحقیق | حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے مروی ترکِ رفع یدین کی حدیث کے صحیح ہونے کی مکمل تحقیق
حضرت ابو حمید ساعدیؓ سے مروی ترکِ رفع یدین کی حدیث پر کیئے جانے والے اشکالات کے مدلل جوابات | حضرت ابراہیم نخعیؒ سے مروی ترکِ رفع یدین کی حدیث کے صحیح ہونے کی مکمل تحقیق
اصول کرخی کی عبارت پر کیئے جانے والے اعتراض کی اصل حقیقت | روزہ کھولنے سے پہلے کی دعا کے صحیح ہونے کی جامع و مدلل تحقیق | بن منصور حلاج رحمہ اللہ تحقیق کے آئینے میں
"سیرتِ منصور حلاج رحمہ اللہ" پر زبیر علی زئی صاحب کے کیئے گئے اعتراضات کے مدلل جوابات

سب سے زیادہ دیکھی جانے والی پوسٹ۔

علماءِ حق، ورثۃ الانبیاءؑ، علماءِ اہلسنت والجماعت احناف کا شجرہ وسند
... شجرہ ڈاؤنلوڈ کرنے کے لئے یہاں کلک کریں بسم اللہ الرحمن الرحیم لِقَوْلِ اللّٰہِ تَعَالیٰ: {فَاعْلَمْ اَنَّہٗ لَا اِلٰہَ اِلَّا

بٹن دبائیں۔
Followers (9)

Unfollow

Monday, 18 July 2016

مسئلہ رفع الیدین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اس تحریر کی ابتداء میں ہی میں یہ بات واضح کرنا چاہوں گا کہ میری اس تحریر کا مقصد اُن معتدل لوگوں کی مخالفت کرنا ہرگز نہیں ہے جو رفع الیدین کرتے ہوئے اپنی نمازوں کو بھی سنت کے مطابق صحیح سمجھتے ہیں اور ترکِ رفع الیدین سے نماز پڑھنے والوں کی نمازوں کو بھی سنت کے مطابق اور صحیح قرار دیتے ہیں، بلکہ میری تحریر کا مقصد ان لوگوں کی مخالفت ورد کرناہے جورفع الیدین کرنے والی احادیث کی بنیاد پر صرف اپنی نمازوں کو صحیح اور سنت کے مطابق اور دوسروں کی نمازوں کو باطل اور ناقص قرار دیتے ہیں۔

آج کے اِس پُرفتن دور میں جہاں نوجوان مسجد میں آنا گوارہ نہیں کرتے وہاں کسی نوجوان کامسجد میں آکر نماز اداکرناہی غنیمت ہے۔ لیکن ہمارے معاشرے میں ایسے کئی باطل فرقے اپنے ناپاک مقاصد میں سرگرم عمل ہیں جن کا کام امت مسلمہ کو گمراہ کرنا اور ان میں فساد برپا کرنا ہے۔ایسے ہی باطل فرقوں کے لوگ عام اور لاعلم مسلمانوں کے سامنے بخاری و مسلم کی چند احادیث پیش کرکے ان کے دلوں میں وسوسے پیدا کرتے ہیں کہ اگروہ نماز میں رفع الیدین نہیں کریں گے تو ان کی نماز نہیں ہوگی۔ آج کا نوجوان جب لاعلمی کے ساتھ ایسے فتنے اور لامتناہی بحث میں مبتلاہوتاہے جس کے نتیجہ پر آج تک کوئی نہیں پہنچ سکاتو یا تو وہ نماز پڑھنے سے ہی چلاجاتا ہے یاپھراگر بچ بھی گیا تو ایسے باطل فرقوں کی باتوں میں آکران ہی کی سوچ کا حامی ہوجاتا ہے اور ان کے ناپاک مقاصد میں ان کے ساتھ شریک ہوجاتا ہے۔

کیلئے اردوفونٹ

Do

ساتھ اللہ تعالیٰ
ے دیتا ہے۔ اور
تقسیم کرنے والا
یہ امت (مسلمہ)
کم (قیامت) آ
وں گے"۔ (صحیح
(۳۱۱

تعالیٰ نے تمہیں
تم پر بددعا نہیں
یہ کہ اہل باطل
ن کلی اور مجموعی
ع نہیں ہو گے"۔
الحدیث ۴۲۵۳)

▶ 2017 (6)
▼ 2016 (15
▶ Nove
▶ Octob

اپنی ناقص عقل و محدود علم کی بنیاد پر میں اس نتیجہ تک پہنچا ہوں کہ اللہ تبارک و تعالیٰ کو اپنے محبوب نبی حضرت محمد مصطفیٰ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کی ہر ادا (سنت) پیاری تھی لہٰذا خالق کائنات نے اپنے رسول صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کی ہر ادا (سنت) کو قیامت تک کے لئے مسلمانوں کے عمل میں رفع الیدین کرنے اور نہ کرنے کی شکل میں زندہ و محفوظ کر دیا۔ یہی وجہ ہے کہ ابتداءِ اسلام سے لیکر آج تک مسلمان ان دونوں سنتوں کے ساتھ نمازیں ادا کر رہے ہیں اور انشاءاللہ کرتے رہیں گے۔

موجودہ دور کے مسلمانوں کو چاہیے کہ کسی ایک سنت پر عمل کرتے ہوئے دوسرے پر اعتراض نہ کریں۔ کیونکہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے رفع الیدین کرنے یا نہ کرنے کا حکم کہیں بھی نہیں دیا لیکن فرقہ واریت سے بچنے کا حکم ضرور دیا ہے۔

"وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللَّهِ جَمِيعًا وَلَا تَفَرَّقُوا "۔"اور تم سب آپس میں اللہ کی رسی سے چمٹ جاؤ اور تفرقے میں نہ پڑو"۔ (سورۃ آلِ عمران:۱۰۳)

احادیثِ مبارکہ کے مطالعے سے ہمیں نماز میں رفع الیدین کرنے کے دلائل بھی ملتے ہیں اور نہ کرنے کے بھی، اس لئے کرنے والے کی نماز بھی درست ہے اور نہ کرنے والے کی بھی بشرطیہ کہ نمازی اس مسئلے میں کسی مجتہد امام کی پیروی کرے، خود سے اس بات کا فیصلہ نہ کرے (کہ کرنا سنت عمل ہے اور نہ کرنے سے نماز نہیں ہوتی یا نہ کرنا سنت عمل ہے اور کرنے والے کی نماز نہیں ہوتی)۔ اس مسئلے میں اگر مقتدی کسی معین مجتہد امام جیسا کہ امام شافعیؒ یا امام احمد ابن حنبلؒ کی پیروی کرتے ہوئے رفع الیدین کرتا ہے تو اس کی نماز درست ہوگی اور اگر کوئی امام ابوحنیفہؒ یا امام مالکؒ کی پیروی کرتے ہوئے رفع الیدین نہیں کرتا تو اس کی نماز بھی درست ہوگی (انشاءاللہ)۔ کیونکہ رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کا فرمانِ عالیشان ہے کہ:

۱۔ "جب حاکم کوئی فیصلہ اپنے اجتہاد سے کرے اور فیصلہ صحیح ہو تو اسے دہرا ثواب ملتا ہے اور جب کسی فیصلہ میں اجتہاد کرے اور غلطی کر جائے تو اسے اکہرا ثواب ملتا ہے"۔ (الصحیح البخاری، کتاب الاعتصام، باب أَجْرِ الْحَاكِمِ إِذَا اجْتَهَدَ فَأَصَابَ أَوْ أَخْطَأَ، رقم الحدیث ۷۳۵۲)

۲۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جس شخص نے (کسی کو) بغیر علم کے فتویٰ دیا تو اس کا گناہ فتویٰ دینے والے پر ہوگا"۔ (رواۃ ابی داؤد، جلد نمبر ۳، صفحہ نمبر ۸۵۴، رقم الحدیث ۳۶۵۷)

پہلی حدیث کے مطابق اگر امام شافعیؒ، امام احمد بن حنبلؒ، امام ابو حنیفہؒ یا امام مالکؒ میں سے کسی ایک سے بھی اجتہاد کرنے میں غلطی ہوگئی تو بھی ان کو ایک اجر ملے گا لہٰذا ان کی پیروی کرنے والے کو بھی ایک اجر ملے گا کیونکہ مجتہد اجتہاد کرتا ہی عامی مسلمانوں کے لئے ہے۔ جبکہ دوسری حدیث کے مطابق بغیر علم کے فتویٰ دینے والا گناہ گار ہوگا لہٰذا بغیر علم کے اجتہاد کرنے والا بھی بطریق اولیٰ گناہ گار ہوگا کیونکہ فتویٰ دینا اجتہاد کرنے سے کم درجے کا عمل ہے۔ اس لئے بغیر علم کے فتویٰ دینے والا اور اجتہاد کرنے والا دونوں گناہ گار ہوئے اور جانتے بوجھتے کسی غیر عالم (جاہل) کے فتویٰ اور اجتہاد پر عمل کرنے والا بھی گناہ گار ہوگا۔ اگر احادیثِ مبارکہ سے واضح ہوجانے کے بعد بھی کوئی شخص یا فرقہ تعصبِ مسلکی کی وجہ سے ان احادیث پر عمل نہیں کرتا تو وہ جاہل ہے۔ انشاءاللہ قرآن و حدیث کی روشنی میں میں ثابت کروں گا کہ جس طرح احادیثِ مبارکہ کہ مطالعے سے نماز میں رفع الیدین کرنے کے دلائل ملتے ہیں بالکل اسی طرح نہ کرنے کے بھی دلائل صحیح اسناد کے ساتھ ملتے ہیں اور امت مسلمہ کی ایک بڑی جماعت صحابہ کرامؓ کے مبارک زمانے سے اس پر ۱۴۰۰ سالوں سے متفق اور عمل پیرا ہے۔

رفع الیدین کی نماز میں حیثیت اور اس کے کرنے پر آئمہ مجتہدین و محدثین کا موقف

نماز کی ابتداء میں تکبیر تحریمہ کہتے وقت رفع یدین (دونوں ہاتھ اٹھانا) بالاتفاق مستحب ہے، الإمام النووي رحمہ اللہ یہی فرماتے ہیں: "قال الإمام النووي في شرح صحيح مسلم: أجمعت الأمة على استحباب رفع اليدين عند تكبيرة الإحرام"۔

لیکن نماز کی ابتداء میں تکبیر تحریمہ کہتے وقت رفع یدین کے حکم میں اختلاف ہے اس بارے میں دو قول ہیں۔

۱۔ نماز کی ابتداء میں تکبیر تحریمہ کہتے وقت رفع یدین واجب ہے، امام الأوزاعیؒ اور امام الحمیدیؒ یعنی شیخ البخاریؒ اور امام داود الظاهریؒ اور ان کے بعض أصحاب اور بقول امام حاکمؒ امام ابن خزیمۃؒ اور أحمد بن سیار بن أیوب شوافعؒ میں سے اور امام ابن حزمؒ کا مذھب یہی ہے۔ امام الحمیدیؒ اور امام اوزاعیؒ کی طرف منسوب ہے کہ وہ رفع الیدین عندالرکوع اور عندرفع الراس مِن الرکوع کو واجب کہتے ہیں مگر یہ بعض غیر مقلدین کا مغالطہ ہے۔ ان دونوں حضرات سے رفع یدین کے وجوب کا جو قول منسوب ہے وہ افتتاح صلوٰۃ یعنی تکبیر تحریمہ کے وقت والے رفع یدین کا ہے نہ کہ رفع الیدین عندالرکوع اور عندرفع الراس مِن الرکوع کا۔

۲۔ نماز کی ابتداء میں تکبیر تحریمہ کہتے وقت رفع یدین سنت ہے، امام اعظم أبو حنیفۃؒ اور ان کے أصحاب اور امام مالکؒ، اور امام الشافعیؒ، اور امام أحمد بن حنبلؒ اور امام أبو عبیدؒ، اور امام أبی ثورؒ، اور امام إسحاقؒ، وابن المنذرؒ، وغیرھم کثیر کا یہی مذھب ہے۔ (تفصیل دیکھیئے: شرح صحیح مسلم للنووی، فتح الباری، نیل الأوطار، بدایۃ المجتھد، الاستذکار والتمھید)

علامہ ابن رشد المالکیؒ (متوفی ۵۹۰ھ) فرماتے ہیں: "وَذَهَبَ بَعْضُ أَهْلِ الْحَدِيثِ إِلَى رَفْعِهَا عِنْدَ السُّجُودِ وَعِنْدَ الرَّفْعِ مِنْهُ"۔ "بعض اہل حدیث علماء نے سجدہ کرتے وقت اور سجدہ سے اٹھتے وقت بھی رفع الیدین کی حمایت کی ہے"۔ (بدایۃ المجتھد ونہایۃ المقتصد: ج۱، الفصل الثانی، المسألۃ الأولیٰ [رفع الیدین]، ص۳۲۶)

▶ Septe
▼ July (
اق ثلاثہ
امر سیکھیے
ح الیدین
ئلہ تقلید
▶ May (

فرائض الصلاة لفعله ﷺ ، وذلك أن حديث أبي هريرة إنما فيه أنه قال له : « وكبر » ولم يأمره برفع يديه، وثبت عنه ﷺ من حديث ابن عمر[1] وغيره: « أنه كان يرفع يديه إذا افتتح الصلاة » .

وأما اختلافهم في المواضع التي ترفع فيها فذهب أهل الكوفة: أبو حنيفة وسفيان الثوري وسائر فقهائهم إلى أنه لا يرفع المصلي يديه إلا عند تكبيرة الإحرام فقط ، وهي رواية ابن القاسم عن مالك ، وذهب الشافعي وأحمد وأبو عبيد وأبو ثور وجمهور أهل الحديث وأهل الظاهر إلى الرفع عند تكبيرة الإحرام، وعند الركوع ، وعند الرفع من الركوع ، وهو مروي عن مالك إلا أنه عند بعض أولئك فرض وعند مالك سنة . وذهب بعض أهل الحديث ، إلى رفعها عند السجود وعند الرفع منه . والسبب في هذا الاختلاف كله اختلاف الآثار الواردة في ذلك ومخالفة العمل بالمدينة لبعضها ، وذلك أن في ذلك أحاديث :

أحدها : حديث عبد الله بن مسعود[2] ، وحديث البراء بن ....

= وقد تقدم وهو حديث المسيء صلاته .

(١) أخرجه البخاري (٢ /٢١٩ رقم ٧٣٦) ، ومسلم (١ /٢٩٢ رقم ٢٢ /٣٩٠) . وغيرهم .

(٢) أخرجه أبو داود (١ /٤٧٧ رقم ٧٤٨) ، والترمذي (٢ /٤٠ رقم ٢٥٧) والنسائي (٢ /١٨٢) ، وأحمد (١ /٣٨٨) ، والطحاوي في شرح معاني الآثار (١ /٢٢٤) ، وابن حزم في المحلى بالآثار (٢ /٢٦٤ -٢٦٥) .
قال عبد الله بن مسعود: «ألا أصلي بكم صلاة رسول الله ﷺ قال : فصلى ، فلم يرفع يديه إلا مرة » .
قال الترمذي : حديث حسن ، وصححه ابن حزم (٢ /٢٦٤) ، وابن القطان كما في الدراية (١ /١٥٠) وضعفه بعضهم بدون دليل .
قلت : والخلاصة أن الحديث صحيح . انظر الكلام عليه في (مرويات ابن مسعود) للدكتور الشريف منصور بن عون العبدلي (١ /٤٨٣ -٤٨٨) فقد أجاد وأفاد .

٣٢٦

فصل ثانی

افعال صلوٰۃ

اس فصل میں آٹھ بنیادی اصول وقواعد کا درجہ رکھنے والے مسائل ہیں:

پہلا مسئلہ: رفع یدین

نماز میں رفع یدین کے مسئلہ میں علمانے تین چیزوں میں اختلاف کیا ہے:

۱۔ حکم

۲۔ وہ مقامات جن میں رفع یدین کا حکم

بداية المجتهد و نهاية المقتصد 202

۳۔ ہاتھ کہاں تک اٹھائے جائیں

جمہور نے رفع یدین کو نماز کی ایک سنت قرار دیا ہے۔ امام داؤد اور ان کے اصحاب کی ایک جماعت کے نزدیک یہ فرض ہے۔ پھر یہ لوگ مختلف گروہوں میں منقسم ہو گئے: ایک گروہ نے صرف تکبیر تحریمہ میں اسے واجب کہا۔ بعض لوگوں نے آغاز نماز میں اور رکوع کے وقت رفع یدین کو ضروری قرار دیا۔ رکوع میں جاتے ہوئے اور رکوع سے اٹھتے ہوئے دونوں وقت رفع یدین کیا جائے۔ بعض لوگوں نے آغاز نماز اور رکوع کے علاوہ سجدہ کے وقت بھی اسے واجب کہا ہے۔ گویا یہ اختلاف اُن مواقع اور مقامات پر منحصر ہے جن میں رفع یدین کرنے کا اختلاف ہے۔

اختلاف کا سبب حدیث ابو ہریرہؓ (جس میں فرائض نماز کی تعلیم موجود ہے) کے ظاہر کا عمل نبویؐ سے تعارض ہے۔ کیوں کہ اس حدیث میں تکبیر کہنے کا حکم ہے مگر رفع یدین کرنے کا حکم نہیں ہے۔ مگر حدیث ابن عمرؓ وغیرہ سے ثابت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز کا آغاز کرتے تو رفع یدین کرتے۔

مقامات رفع یدین کے سلسلہ میں امام ابو حنیفہ، سفیان ثوری اور سارے فقہائے کوفہ کی رائے ہے کہ نمازی صرف تکبیر تحریمہ کے وقت رفع یدین کرے گا۔ امام مالک سے ابن القاسم نے یہی روایت نقل کی ہے۔ امام شافعی، امام احمد، امام ابو عبید، امام ابو ثور اور تمام اہل حدیث اور اہل ظاہر علا تکبیر تحریمہ، اور رکوع کے وقت اور رکوع سے اٹھتے ہوئے رفع یدین کے قائل ہیں۔ امام مالک سے بھی اسی طرح کا ایک قول منقول ہے مگر دوسروں کے نزدیک یہ فرض ہے اور امام مالک کے نزدیک یہ سنت ہے۔ بعض اہل حدیث علمانے سجدہ کرتے وقت اور سجدہ سے اٹھتے ہوئے بھی رفع یدین کی حمایت کی ہے۔

اس اختلاف کا سبب اس سلسلہ میں وارد احادیث کا اختلاف اور بعض احادیث سے اہل مدینہ کے عمل کا تعارض ہے۔ اس سلسلہ میں جو احادیث وارد ہیں ان میں ایک عبداللہ بن مسعودؓ کی حدیث ہے اور براء بن عازبؓ کی حدیث ہے کہ "اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم تکبیر تحریمہ کے وقت ایک بار رفع یدین کرتے تھے اس پر اضافہ نہیں کرتے تھے۔" دوسری حدیث ابن عمرؓ کی بواسطہ اپنے والد ہے کہ "اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز شروع کرتے تو اپنے دونوں ہاتھ کندھوں کے بالمقابل اٹھاتے تھے اور جب رکوع سے سر اٹھاتے تو اسی طرح دونوں ہاتھ اٹھاتے تھے اور کہتے تھے سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَه' رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْد۔ سجدہ میں آپ ایسا نہیں کرتے تھے۔" اس حدیث کی صحت پر اتفاق ہے لوگ کہتے ہیں کہ تیرہ صحابہ نے اس کی روایت نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کی ہے۔

تیسری حدیث وائل بن حجرؓ کی روایت ہے۔ اس میں حضرت عبداللہ بن عمرؓ کی حدیث پر یہ اضافہ موجود ہے کہ "آپؐ مسعودؓ اور حدیث براء بن عازبؓ کو ترجیح دینے کی وجہ سے اسے تکبیر تحریمہ تک محدود رکھا ہے۔ اور یہ امام مالک کا مسلک ہے کیوں کہ اہل مدینہ کا عمل اس سے ہم آہنگ ہے۔

دوسرے گروہ نے حدیث ابن عمرؓ کو ترجیح دی ہے اور دو مقامات میں یعنی رکوع کے وقت اور نماز کا آغاز کرتے وقت رفع یدین کرنے کا موقف اختیار کیا ہے۔ کیوں کہ حدیث عبداللہ بن عمرؓ مشہور ہے۔ اور اس پر سب کا اتفاق ہے۔ اس گروہ میں سے جن لوگوں کی رائے استحباب کی تھی انہوں نے اسے مستحب قرار دیا ہے اور جن لوگوں کی رائے فرضیت کی تھی انہوں نے اس کے فرض ہونے کا اعلان کیا ہے۔

بعض فقہا نے جمع وتطبیق کا طریقہ اختیار کیا ہے اور کہا ہے کہ حدیث وائل بن حجرؓ کے مطابق احادیث میں جو اضافے ہیں ان

بداية المجتهد و نهاية المقتصد 203

بداية المجتهد و نهاية المقتصد
ابن رشد
www.KitaboSunnat.com
ترجمہ
ڈاکٹر عبید اللہ فہد فلاحی
ساجد حمید

رفع اليدين عندالركوع وعندرفع الراس مِن الركوع کے بارے میں مذاهب اربعه کی تصریحات

۱۔حنفیہ کے نزدیک رکوع میں جاتے وقت اور رکوع سے اٹھتے وقت رفع یدین مکروہ یعنی خلاف اولیٰ ہے۔ فتاویٰ شامی میں ہے۔

"(قوله إلا في سبع) أشار إلى أنه لا يرفع عند تكبيرات الانتقالات، خلافا للشافعي وأحمد، فيكره عندنا ولا يفسد الصلاة"۔صاحبِ درمختار نے اپنے قول "قوله إلا في سبع" سے اس طرف اشارہ کیا ہے کہ تکبیراتِ انتقالیہ کے وقت ہاتھ نہیں اٹھائے جائیں گے، اس مسئلہ میں امام شافعیؒ اور امام احمدؒ کا اختلاف ہے، پس ہاتھ اٹھانا ہمارے نزدیک مکروہ ہے، اور نماز فاسد نہیں ہوتی۔(شامی: جلد نمبر ۱، صفحہ نمبر۳۷۴؛ رد المحتار على الدر المختار: كتاب الصلاة، فصل في بيان تأليف الصلاة إلى انتهائها)

۲۔مالکیہ کے نزدیک بھی رکوع میں جاتے وقت اور رکوع سے اٹھتے وقت رفع یدین مکروہ وخلاف اولیٰ ہے، مذہب مالکیہ کی مستند کتاب المدونة الكبرى میں ہے۔

"فِي رَفْعِ الْيَدَيْنِ فِي الرُّكُوعِ وَالْإِحْرَامِ قَالَ: وَقَالَ مَالِكٌ: لَا أَعْرِفُ رَفْعَ الْيَدَيْنِ فِي شَيْءٍ مِنْ تَكْبِيرِ الصَّلَاةِ لَا فِي خَفْضٍ وَلَا فِي رَفْعٍ إلَّا فِي افْتِتَاحِ الصَّلَاةِ يَرْفَعُ يَدَيْهِ شَيْئًا خَفِيفًا وَالْمَرْأَةُ فِي ذَلِكَ بِمَنْزِلَةِ الرَّجُلِ، قَالَ ابْنُ الْقَاسِمِ: وَكَانَ رَفْعُ الْيَدَيْنِ عِنْدَ مَالِكٍ ضَعِيفًا إلَّا فِي تَكْبِيرَةِ الْإِحْرَامِ"۔ امام مالک

رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ "میں نماز کی تکبیرات میں کسی جگہ رفع الیدین نہیں جانتا نہ رکوع میں جاتے وقت اور نہ رکوع سے اٹھتے وقت مگر صرف نماز کے شروع میں تکبیر تحریمہ کے وقت"، امام مالک کے صاحب وشاگرد ابن القاسم فرماتے ہیں کہ "امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں رفع الیدین کرنا ضعیف ہے مگر صرف تکبیر تحریمہ میں "۔(المدونۃ الکبری لِلامام مالک: ج۱، ص ۱۶۵ – دار الفکر بیروت)

المدونة الكبرى

للإمام مالك بن أنس الأصبحي

المتوفى سنة ١٧٩هـ

رواية الإمام سحنون بن سعيد التنوخي

عن الإمام عبد الرحمن بن قاسم

ويليها

مقدمات ابن رشد

لبيان ما اقتضته المدونة من الأحكام

للإمام الحافظ

أبي الوليد محمد بن أحمد بن رشد

المتوفى سنة ٥٢٠هـ

الجزء الأول

أضفنا إلى الجزء الأول كتابين أولهما كتاب تزيين الممالك بمناقب سيدنا الإمام مالك للإمام العلامة جلال الدين السيوطي وثانيهما كتاب مناقب سيدنا الإمام مالك للشيخ عيسى بن مسعود الزواوي ووضعنا في آخرهما ترجمة للعلامة سحنون وتعريفاً بالمدونة وسبب تدوينها وما يتعلق بذلك

دار الكتب العلمية

بيروت - لبنان

كتاب الصلاة الأول ١٦٥

ذلك. قال ابن وهب عن عيسى بن يونس عن حسين المعلم عن بديل بن ميسرة عن أبي الجوزاء عن عائشة قالت: كان رسول الله ﷺ يفتتح الصلاة بالحمد لله رب العالمين، قال ابن وهب عن يونس بن يزيد عن ابن شهاب قال: أخبرني محمود بن ربيع عن عبادة بن الصامت قال: قال رسول الله ﷺ: «لا صلاة لمن لم يقرأ بأم القرآن». قال ابن وهب عن مالك عن العلاء بن عبد الرحمن أنه سمع أبا السائب يحدث عن أبي هريرة أنه قال: سمعت رسول الله ﷺ يقول: «من صلى صلاة لم يقرأ فيها بأم القرآن فهي خداج هي خداج هي خداج غير تمام». قال ابن وهب عن يحيى بن أيوب عن المثنى بن الصباح عن عمرو بن شعيب عن أبيه عن عبيد الله بن عمرو بن العاص عن النبي ﷺ وخيثمة مثله، قال مالك بن أنس عن أبي نعيم وهب بن كيسان أنه سمع جابر بن عبد الله يقول: من صلى ركعة لم يقرأ فيها بأم القرآن فلم يصلِ إلاّ وراء إمام، قال وكيع عن الأعمش عن خيثمة، قال: حدثني من سمع عمر بن الخطاب يقول: لا تجزىء صلاة لم يقرأ فيها بفاتحة الكتاب وبشيء معها. قال وكيع عن ابن عون قال: سمعت إبراهيم يقول: لو صليت خلف إمام علمت أنه لم يقرأ شيئاً لأعدت صلاتي، قال: وكيع عن عيسى بن يونس عن أبي إسحاق عن الشعبي أن عمر بن الخطاب صلى المغرب فلم يقرأ فيها فأعاد الصلاة وقال: لا صلاة إلاّ بقراءة.

في رفع اليدين في الركوع والإحرام

قال: وقال مالك: لا أعرف رفع اليدين في شيء من تكبير الصلاة لا في خفض ولا في رفع إلاّ في افتتاح الصلاة يرفع يديه شيئاً خفيفاً والمرأة في ذلك بمنزلة الرجل، قال ابن القاسم: وكان رفع اليدين عند مالك ضعيفاً إلاّ في تكبيرة الإحرام. قلت لابن القاسم: وعلى الصفا والمروة وعند الجمرتين وبعرفات وبالموقف وفي المشعر وفي الاستسقاء وعند استلام الحجر؟ قال: نعم، إلاّ في الاستسقاء بلغني أن مالكاً رُؤي رافعاً يديه وكان قد عزم عليهم الإمام فرفع مالك يديه فجعل بطونهما مما يلي الأرض وظهورهما مما يلي وجهه، قال ابن القاسم وسمعته يقول: فإن كان الرفع فهكذا مثل ما صنع مالك. قلت لابن القاسم: قوله إن كان الرفع فهكذا في أي شيء يكون هذا الرفع؟ قال: في الاستسقاء وفي مواضع الدعاء، قلت لابن القاسم: فعرفة من مواضع الدعاء؟ قال: نعم والجمرتان والمشعر، قال: ولقد سألت مالكاً عن الرجل يمر بالركن فلا يستطيع أن يستلمه أيرفع يديه حين يكبر إذا حاذى الركن أم يكبر ويمضي؟ قال: بل يكبر ويمضي ولا يرفع يديه، قال ابن وهب وابن القاسم عن مالك عن ابن شهاب عن

امام مالک رحمہ اللہ کے الفاظ پر ذراغور کریں "لا أعرف" یعنی میں نہیں جانتا تکبیر تحریمہ کے علاوہ رفع یدین کرنا۔ یاد رہے کہ کتاب المُدَونۃ الکبری فقہ مالکی کی اصل وبنیاد ہے دیگر تمام کتابوں پر مقدم ہے اور مُوطأ الإمام مالک کے بعد اس کا دوسرا نمبر ہے اوراکثر علماء المالکیۃ کی جانب سے اس کتاب المدونۃ کو تلقی بالقبول حاصل ہے اور فتاویٰ کے باب میں بھی علماء المالکیۃ کا اسی پراعتماد ہے اور روایت و درجہ کے اعتبار سے سب سے اَصدق واَعلیٰ کتاب ہے۔

ابن عبدالبر رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب التمہید میں ہے کہ: "واختلف العلماء فی رفع الیدین فی الصلاۃ فروی ابن القاسم وغیرہ عن مالک أنہ کان یریٰ رفع الیدین فی الصلاۃ ضعیفًا الا في تکبیرۃ الاحرام وحدہا، وتعلق بہٰذہ الروایۃ عن مالک أکثر المالکیین"۔ اور نماز میں رفع یدین کے سلسلہ میں علماء کا اختلاف ہے چنانچہ ابن القاسم وغیرہ نے امام مالک رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیاہے کہ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نماز میں رفع یدین کو ضعیف سمجھتے تھے مگر صرف تکبیر احرام میں، اور امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کی اس روایت پر اکثر مالکیین کا اعتماد ہے۔ (التمہید: ج۹، ص۲۱۲)

التمهيد لما في الموطأ من المعاني والأسانيد

تأليف

الإمام الحافظ أبي عمر يوسف بن عبد الله

ابن محمد بن عبد البر النمري القرطبي

(368 - 463هـ)

الجزء التاسع

تحقيق

سعيد أحمد أعراب

8 جمادى الثانية 1401هـ - 13 أبريل 1981م

وهو الذى كان ربما وهم فيه. لان جماعة حفاظا. رووا عنه الوجهين جميعا.

قال أبو عمر :

هذا الحديث أحد الاحاديث الاربعة التي رفعها سالم. عن أبيه. عن النبي - عليه السلام. وأوقفها نافع على ابن عمر. فمنها ما جعله من قول ابن عمر وفعله. ومنها ما جعله عن ابن عمر عن عمر. والقول فيها قول سالم. ولم يلتفت الناس فيها الى نافع. فهذا أحدها. والثاني ، من باع عبدا وله مال. جعله نافع عن ابن عمر عن عمر - قوله (5). والحديث الثالث ، الناس كإبل مائة. لا تكاد تجد فيها راحلة. (6) والرابع ، فيما سقت السماء والعيون أو كان بعلا العشر. وما سقي بالنضح نصف العشر .(7)

وفي هذا الحديث من الفقه. رفع اليدين في المواضع المذكورة فيه . وذلك عند اهل العلم تعظيم لله وابتهال اليه. واستسلام له. وخضوع للوقوف بين يديه. واتباع لسنة رسوله - صلى الله عليه وسلم.

واختلف العلماء في رفع اليدين في الصلاة. فروى ابن القاسم وغيره عن مالك أنه كان يرى رفع اليدين في الصلاة ضعيفا. الا في تكبيرة الاحرام وحدها. وتعلق بهذه الرواية عن مالك أكثر المالكيين. وهو قول

1) وهم ، أ. اوهم ، ض. ممحوة في ش.
5) واوقفها ، ض ش. وارفعها ، ض. عن ابن عمر ، أ ض. على ابن عمر ، ش ـ وهي الصواب.
7) فيها ، ض ش. فيهما ، أ.
8) مال ، أ ش. ماله ، ض.
11) رسوله ، أ ش. رسول الله ، ض.

5) رواه مالك في الموطأ. انظر ص ، 421. حديث 1291.
6) أخرجه احمد والبخاري ومسلم والترمذي وابن ماجه.
7) رواه الجماعة.

- 212 -

علامہ ابن رشدالمالکیؒ (متوفی ۵۹۰ھ) فرماتے ہیں: "وَأَمَّا اخْتِلَافُهُمْ فِي الْمَوَاضِعِ الَّتِي تُرْفَعُ فِيهَا فَذَهَبَ أَهْلُ الْكُوفَةِ أَبُو حَنِيفَةَ وَسُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَسَائِرُ فُقَهَائِهِمْ إِلَى أَنَّهُ لَا يَرْفَعُ الْمُصَلِّي يَدَيْهِ إِلَّا عِنْدَ تَكْبِيرَةِ الْإِحْرَامِ فَقَطْ، وَهِيَ رِوَايَةُ ابْنِ الْقَاسِمِ عَنْ مَالِكٍ۔۔۔ وَالسَّبَبُ فِي هَذَا الِاخْتِلَافِ كُلِّهِ اخْتِلَافُ

الْآثَارِ الْوَارِدَةِ فِي ذَلِكَ، وَمُخَالَفَةُ الْعَمَلِ بِالْمَدِينَةِ لِبَعْضِهَا، وَذَلِكَ أَنَّ فِي ذَلِكَ أَحَادِيثَ: أَحَدُهَا: حَدِيثُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، وَحَدِيثُ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ «أَنَّهُ كَانَ - عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ - يَرْفَعُ يَدَيْهِ عِنْدَ الْإِحْرَامِ مَرَّةً وَاحِدَةً لَا يَزِيدُ عَلَيْهَا»۔۔۔ فَمِنْهُمْ مَنِ اقْتَصَرَ بِهِ عَلَى الْإِحْرَامِ فَقَطْ تَرْجِيحًا لِحَدِيثِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، وَحَدِيثِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ وَهُوَ مَذْهَبُ مَالِكٍ لِمُوَافَقَةِ الْعَمَلِ بِهِ"۔ "**مقامات رفع یدین کے سلسلہ میں اختلافات پر امام ابوحنیفہؒ** سفیان ثوریؒ، اور سارے فقہائے کوفہ کی رائے ہے کہ نمازی صرف تکبیر تحریمہ کے وقت رفع یدین کرے گا۔ امام مالک سے ابن القاسم نے یہی روایت نقل کی ہے۔۔۔ اس اختلاف کا سبب اس سلسلہ میں وارد احادیث کا اختلاف اور بعض احادیث سے اہل مدینہ کے عمل کا تعارض ہے۔ اس سلسلہ میں جو احادیث وارد ہیں ان میں ایک عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے اور براء بن عازب رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے کہ «اللہ کے رسول ﷺ تکبیر تحریمہ کے وقت ایک بار رفع یدین کرتے تھے اس پر اضافہ نہیں کرتے تھے»۔۔۔ پس اہل علم نے حدیث ابن مسعود رضی اللہ عنہ اور حدیث براء بن عازب رضی اللہ عنہ کو ترجیح دیتے ہوئے صرف رفع یدین بوقت تحریمہ پر اکتفاء کیا ہے اور اہل مدینہ کے عمل کے ساتھ موافقت کی وجہ سے امام مالکؒ کا مذہب بھی یہی ہے"۔ (بدایۃ المجتہد ونہایۃ المقتصد: ج۱، الفصل الثانی، المسألۃ الاُولیٰ[رفع الیدین]، ص۳۲۶، ۳۲۸)

فرائض الصلاة لفعله ﷺ ، وذلك أن حديث أبي هريرة إنما فيه أنه قال له : « وكبر » ولم يأمره برفع يديه، وثبت عنه ﷺ من حديث ابن عمر[1] وغيره: « أنه كان يرفع يديه إذا افتتح الصلاة » .

وأما اختلافهم في المواضع التي ترفع فيها فذهب أهل الكوفة: أبو حنيفة وسفيان الثوري وسائر فقهائهم إلى أنه لا يرفع المصلي يديه إلا عند تكبيرة الإحرام فقط ، وهي رواية ابن القاسم عن مالك ، وذهب الشافعي وأحمد وأبو عبيد وأبو ثور وجمهور أهل الحديث وأهل الظاهر إلى الرفع عند تكبيرة الإحرام، وعند الركوع ، وعند الرفع من الركوع ، وهو مروي عن مالك إلا أنه عند بعض أولئك فرض وعند مالك سنة . وذهب بعض أهل الحديث ، إلى رفعها عند السجود وعند الرفع منه . والسبب في هذا الاختلاف كله اختلاف الآثار الواردة في ذلك ومخالفة العمل بالمدينة لبعضها ، وذلك أن في ذلك أحاديث :

أحدها : حديث عبد الله بن مسعود[2] ، وحديث البراء بن .... عازب[1] « أنه كان ﷺ يرفع يديه عند الإحرام مرة واحدة ، لا يزيد عليها » .

= وقد تقدم وهو حديث المسيء صلاته .

(١) أخرجه البخاري (٢ /٢١٩ رقم ٧٣٦) ، ومسلم (١ /٢٩٢ رقم ٢٢ /٣٩٠) . وغيرهم .

(٢) أخرجه أبو داود (١ /٤٧٧ رقم ٧٤٨) ، والترمذي (٢ /٤٠ رقم ٢٥٧) والنسائي (٢ /١٨٢) ، وأحمد (١ /٣٨٨) ، والطحاوي في شرح معاني الآثار (١ /٢٢٤) ، وابن حزم في المحلى بالآثار (٢ /٢٦٤ -٢٦٥) .
قال عبد الله بن مسعود: «ألا أصلي بكم صلاة رسول الله ﷺ قال : فصلى ، فلم يرفع يديه إلّا مرة » .
قال الترمذي : حديث حسن ، وصححه ابن حزم (٢ /٢٦٤) ، وابن القطان كما في الدراية (١ /١٥٠) وضعفه بعضهم بدون دليل .
قلت : والخلاصة أن الحديث صحيح . انظر الكلام عليه في (مرويات ابن مسعود) للدكتور الشريف منصور بن عون العبدلي (١ /٤٨٣ -٤٨٨) فقد أجاد وأفاد .

٣٢٦

فمن حمل الرفع هاهنا على أنه ندب أو فريضة ، فمنهم من اقتصر به على الإحرام فقط ؛ ترجيحا لحديث عبد الله بن مسعود وحديث البراء بن عازب ، وهو مذهب مالك لموافقة العمل به ، ومنهم من رجح حديث عبد الله بن عمر ، فرأى الرفع في الموضعين أعني في الركوع وفي الافتتاح لشهرته ، واتفق الجميع عليه ، ومن كان رأيه من هؤلاء أن الرفع فريضة ؛ حمل ذلك على الفريضة ، ومن كان رأيه أنه ندب ؛ حمل ذلك على الندب ، ومنهم من ذهب مذهب الجمع وقال : إنه يجب أن تجمع هذه الزيادات بعضها إلى بعض على ما في حديث وائل ابن حجر . فإذاً العلماء ذهبوا في هذه الآثار مذهبين : إما مذهب الترجيح ، وإما مذهب الجمع . والسبب في اختلافهم في حمل رفع اليدين في الصلاة : هل هو على الندب أو على الفرض ؟ هو السبب الذي قلناه قبل من أن بعض الناس يرى أن الأصل في أفعاله ﷺ أن تحمل على الوجوب حتى يدل الدليل على غير ذلك . ومنهم من يرى أن الأصل أن لا يزاد فيما صح بدليل واضح من قول ثابت أو إجماع أنه من فرائض الصلاة إلا بدليل واضح ، وقد تقدم هذا من قولنا ، ولا معنى لتكرير الشيء الواحد مرات كثيرة .

وأما الحدُّ الذي تُرفَعُ إليه اليدان ، فذهب بعضهم إلى أنه المنكبان[1] ، وبه قال مالك والشافعي وجماعة ، وذهب بعضهم إلى رفعهما إلى الأذنين[2] ، وبه

= لعله كان فعله مرة ... فالحديث معلق .
وأخرجه الدارقطني (١ /٢٩١ رقم ١٣) ، والبيهقي (٢ /٨١) من جهة جرير ، عن حصين بن عبد الرحمن ، قال : دخلنا على إبراهيم فحدثه عمرو بن مرة ، عن علقمة بن وائل ، عن أبيه أنّه رأى رسول الله ﷺ يرفع يديه حين يفتتح الصلاة وإذا ركع وإذا سجد . فقال إبراهيم : ما أرى أباه رأى رسول الله ﷺ إلا ذلك اليوم الواحد .

(١) قلت : أما الرفع حذو المنكبين ، فتقدم قريباً من حديث ابن عمر . وورد من حديث عمر وعلي وأبي حميد الساعدي ...

(٢) قلت : أما الرفع إلى الأذنين فقد ورد من حديث مالك بن الحويرث ، الذي أخرجه =

٣٢٨

تأليف الإمام القاضي أبي الوليد
محمد بن أحمد بن محمد بن رشد الحفيد
٥٢٠ - ٥٩٥ هـ

تعليق وتحقيق وتخريج
محمد صبحي حسن حلاق
غفر الله له ولوالديه ولمشايخه

الجزء الأول

حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے تعجیل المنفعۃ، صفحہ نمبر۹ پر امام حسینی پر رد کرتے ہوئے ذکر کیا ہے کہ: "پھر امام مالک رحمۃ اللہ علیہ سے عدم رفع کو نقل کرنے میں ابن عون متفرد نہیں ہیں، بلکہ ان کی متابعت ابن وہب اور ابن القاسم رحمۃ اللہ علیہ نے کی ہے جیسا کہ گزر چکا"۔

امام نووی رحمۃ اللہ علیہ نے شرح مسلم کے اندر ذکر کیاہے کہ:"قال أبوحنيفة وأصحابه وجماعةٌ من أہل الكوفة: لا يستحب الرفع في غير تكبيرة الافتتاح، وہو أشہر الروايات عن مالک"۔ "امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اوران کے اصحاب اور اہل کوفہ کی ایک جماعت کا کہنا ہے کہ تکبیر تحریمہ کے علاوہ میں رفع یدین مستحب نہیں ہےاوریہی امام مالک رحمۃ اللہ علیہ سے مشہور روایت ہے"۔ (حاشیہ صحیح مسلم شریف: ج۱،ص۱۶۸)

الجواہر النقی مع سنن بیہقی (ج۲،ص۷۶) میں امام قرطبی رحمۃ اللہعلیہ کی شرح مسلم سے نقل کیاگیا ہے کہ ترک رفع امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کا مشہور مذہب ہے، قواعد ابن رشد میں بھی اسی کو امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب قرار دیاہے۔

"المالكية قالوا: رفع اليدين حذو المنكبين عند تكبيرة الاحرام مندوب، وفيما عدا ذلك مكروه الخ الفقه على المذاهب الاربعة ' لعبد الرحمن الجزيري"۔ "علامہ عبد الرحمن الجزیری نے بھی یہی تصریح کی ہے کہ مالکیہ کے نزدیک رفع یدین دونوں کندھوں تک تکبیر تحریمہ کے وقت مستحب ہے اس کے علاوہ مکروہ ہے"۔ (الجزءالاول، کتاب الصلاۃ، باب رفع الیدین)

وقال الحاكم بن عبد الله: لا نعلم سنة اتفق على روايتها عن رسول الله ﷺ، الخلف الأربعة، ثم العشرة المشهود لهم بالجنة، فمن بعدهم من أكابر الصحابة على تفرقهم في البلاد الشاسعة غير هذه السنة ، وقال البيهقي: وهو كما قال شيخنا: فقد رويت هذه السنة عن أبي بكر، وعمر، وعثمان، وعليّ، وطلحة، والزبير، وسعد بن أبي وقاص، وسعيد، وعبد الرحمن بن عوف، وأبي عبيدة، ومالك بن الحويرث، وزيد بن ثابت، وأبيّ بن كعب، وابن مسعود، وأبي موسى، وابن عباس، والحسين بن عليّ، وسهل بن سعد، وأبي سعيد، وأبي قتادة، وسلمان الفارسي، وعقبة بن عامر، وبريدة، وابن عمر، وأبي هريرة، وعمار، وأبي أمامة، وعمير بن قتادة الليثي، وأبي مسعود، وعائشة، وأعرابي له صحبة ، وقال أبو بكر بن إسماعيل الفقيه: رفع اليدين قد صحّ عن النبي ﷺ، ثم عن الخلفاء الراشدين، ثم عن الصحابة والتابعين وقال القاضي أبو الطيب: قال أبو علي: روى الرفع عن النبي ﷺ/ نيف وثلاثون صحابياً. زاد ابن حزم: وأم الدرداء، والنعمان بن عياش، وجملة الصحابة ، وقال أبو حنيفة وأصحابه: لا يرفع يديه إلّا في تكبيرة الإحرام خاصة، وبه قال الثوري: وابن أبي ليلى قال ابن شدا في الدلائل: وبه قال النخعي، والشعبي، والمشهور،

[۷۷۹/ ب]

(۱) تقدّم . انظر المجمع (۲/ ۱۰۲)، ص۱٤٦٢.

۱٤٦٦

والمعمول به عند مالك في رواية ابن القاسم ، وفي كتاب ابن حزم: الرفع رواية أشهب وابن وهب وأبي المصعب وغيرهم عن مالك أنه كان يفعله ويفتي به ، وقال الخطابي: قال به مالك في آخر أمره استدلّ لأبي حنيفة بما رواه وكيع عن سفيان عن عاصم بن كليب عن عبد الرحمن بن الأسود عن علقمة قال : قال عبد الله بن مسعود : « ألا أصلي بكم صلاة رسول الله ﷺ قال: فصلى؛ فلم يرفع يديه إلّا في أول مرة ، قال الترمذي وأبو عليّ الطوسي: حديث ابن مسعود حديث حسن ، وبه يقول غير واحد من أهل العلم من أصحاب النبي ﷺ التابعين وهو قول سفيان وأهل الكوفة. انتهى. اعترض على هذا بما ذكره أبو داود في رواية ابن العبد قال: هذا حديث مختصر من حديثه، وليس بصحيح على هذا اللفظ .

امام مالکؒ عندالرکوع و عندرفع الراس مِن الرکوع ترکِ رفع الیدین کے قائل ہیں اگرچہ امام مالکؒ سے ایک روایت رفع الیدین عندالرکوع و عندرفع الراس مِن الرکوع کی منقول ہے لیکن خود امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ امام مالکؒ کا مسلک ترکِ رفع کا تھا۔ بہرحال مالکیہ کے نزدیک ترکِ رفع کا قول مفتیٰ بہٖ ہے جیساکہ ان کے شاگردابن القاسمؒ اور ابن رشدالمالکیؒ وابن عبدالبرؒ نے اس کی تصریح کی ہے۔

خلفاءِراشدینؓ، عشرہ مبشرہ، حضرت عبداللہ بن مسعودؓ، ابراہیم نخعیؒ، سفیان ثوریؒ، عبدالرحمٰن ابن لیلیٰؒ، عاصم بن کلیبؒ اور اکثرفقہاء کرامؒ کے نزدیک تکبیر تحریمہ کے علاوہ باقی کہیں رفع یدین جائز نہیں ہے۔

۳۔**شافعیہ** کے نزدیک رکوع میں جاتے وقت اور رکوع سے اٹھتے وقت رفع یدین سنت مؤکدہ ہے ، امام شافعی کی کتاب الاُم میں یہی تصریح موجود ہے اوردیگرعلماءشافعیہ کا بھی یہی مذہب ہے۔

قال سألت الشافعي: أين ترفع الأيدي في الصلاة؟ قال: يرفع المصلي يديه في أول ركعة ثلاث مرات، وفيما سواها من "الصلاة مرتين مرتين يرفع يديه حين يفتتح الصلاة مع تكبيرة الافتتاح حذو منكبيه ويفعل ذلك عند تكبيرة الركوع وعند قوله " سمع الله لمن حمده " حين يرفع رأسه من الركوع ولا تكبيرة للافتتاح إلا في الأول وفي كل ركعة تكبير ركوع، وقول سمع الله لمن حمده عند رفع رأسه من الركوع فيرفع يديه في هذين الموضعين في كل صلاة الخ"۔ (کتاب الاُم: باب رفع الیدین فی الصلاۃ)

"(قال الشافعي) وبهذا نقول فنأمر كل مصل إماما، أو مأموما، أو منفردا؛ رجلا، أو امرأة؛ أن يرفع يديه إذا افتتح الصلاة؛ وإذا كبر للركوع؛ وإذا رفع رأسه من الركوع ويكون رفعه في كل واحدة من هذه الثلاث حذو منكبيه؛ ويثبت يديه مرفوعتين حتى يفرغ من التكبير كله ويكون مع افتتاح التكبير، ورد يديه عن الرفع مع انقضائه"۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں: "یہی ہمارا مذہب ہےچنانچہ ہم ہر نمازی کو حکم دیتے ہیں، خواہ امام ہو یا مقتدی، یا منفرد مرد ہو یا عورت، کہ وہ اپنے دونوں ہاتھ اٹھائے جب نماز شروع کرے، جب رکوع کے لئے تکبیر کہے، اور جب اپنا سر رکوع سے اٹھائے۔ (کتاب الاُم: باب رفع الیدین فی التکبیر فی الصلاۃ)

امام شافعیؒ نے صراحت فرمائی ہے کہ مذکورہ بالا تین جگہوں کے علاوہ نماز میں کسی اور جگہ رفع یدین نہیں ہے، چنانچہ وہ فرماتے ہیں کہ: "اور ہم نمازی کو رفع یدین کا حکم کسی تکبیر کے وقت نہیں دیتے ہیں ، رکوع سجدہ والی نماز میں مگر ان تین جگہوں میں"۔

مگر شوافع کے نزدیک مذکورہ بالا تین جگہوں کے علاوہ ایک اور جگہ بھی رفع یدین مستحب ہے، اور وہ ہے تیسری رکعت کے شروع میں۔

امام نوویؒ شرح مہذب میں لکھتے ہیں کہ " مذکورہ بالا تمام باتوں کا خلاصہ یہ ہے کہ دو رکعت کے بعد جب تیسری رکعت کے لئے کھڑا ہو،اُس وقت رفع یدین کو مستحب ماننا ضروری ہے"۔ (المجموع: جلد نمبر ۳، صفحہ نمبر۴۴۸)

۴۔**حنابلہ** کے نزدیک بھی رکوع میں جاتے وقت اور رکوع سے اٹھتے وقت رفع یدین سنت ہے۔

"مسألة: قال: (ويرفع يديه كرفعه الأول) يعني يرفعها إلى حذو منكبيه، أو إلى فروع أذنيه، كفعله عند تكبيرة الإحرام، ويكون ابتداء رفعه عند ابتداء تكبيره، وانتهاؤه عند انتهائه"۔ (كتاب المُغني لابن قدامة الحنبلي: كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة)

علامہ جزیریؒ کتاب الفقہ میں لکھتے ہیں کہ:"حنابلہ کہتے ہیں کہ مرد کے لئے بھی اور عورت کے لئے بھی دونوں مونڈھوں تک ہاتھ اٹھانا مسنون ہے، تکبیر تحریمہ کے وقت، رکوع میں جاتے وقت اور رکوع سے اٹھتے وقت "۔ (الفقہ: جلد نمبر ا، صفحہ نمبر۲۵۰)

صحیح مسلم شریف جلد دوم — نماز کے مسائل

(۸۶۱) ☆ امام نوویؒ نے کہا ہے کہ نماز کی ابتداء میں رفع الیدین (کندھوں تک دونوں ہاتھ اٹھانے) کرنے کے لیے پوری امت کا اجماع ہے لیکن اور دوسرے مقامات میں ان کا باہمی اختلاف ہے۔ امام شافعیؒ، امام احمدؒ، امام مالکؒ اور دیگر جمہور علماء کے نزدیک رکوع کرتے اور رکوع سے سر اٹھاتے وقت رفع الیدین کرنا مستحب ہے نیز امام شافعی نے کہا کہ جب تشہد پڑھ کر کھڑا ہو تو بھی رفع یدین کرے کیونکہ امام بخاری نے بحوالہ عبداللہ بن عمر لکھا ہے کہ رسول اللہؐ ایسا ہی کیا کرتے تھے اور ابو حمید ساعدی نے بھی باسانید صحیحہ یہی بیان کیا ہے جنہیں ابوداؤدؒ اور ترمذیؒ نے تحریر کیا ہے علاوہ ازیں ابو بکر بن منذر ابو علی طبری اور بعض اہلحدیث کے نزدیک دونوں سجدوں کے درمیان میں بھی رفع یدین کرنا مستحب ہے امام ابو حنیفہ اہل کوفہ اور امام مالک کی مشہور روایت یہی ہے کہ تکبیر تحریمہ کے وقت کے علاوہ دیگر اوقات میں رفع یدین نہیں ہے اور بالا جماع رفع الیدین کرنا کسی وقت بھی واجب نہیں ہے (ہاں سنت نبوی ضرور ہے)۔ اس کے برخلاف امام داؤد ظاہری نے بوقت تکبیر تحریمہ رفع الیدین کرنے کو واجب لکھا ہے نیز امام ابوالحسن احمد بن سیار کا قول ہے کہ تکبیر تحریمہ کے وقت رفع یدین واجب ہے۔

ابتدائی دور کے دو جلیل القدر امام یعنی امام ابو حنیفہؒ اور امام مالکؒ جن دونوں کا دور رسول اللہ ﷺ سے سب سے قریب کا ہے وہ صرف تکبیر تحریمہ کے رفع یدین کو سنت مانتے ہیں جبکہ رکوع میں جاتے اور رکوع سے اٹھتے وقت رفع یدین کرنے کو مکروہ کہتے ہیں جبکہ بعد کے دو امام یعنی امام شافعیؒ اور امام احمد بن حنبلؒ جن کا دور امام ابو حنیفہؒ اور امام مالکؒ سے کافی بعد کا ہے تکبیر تحریمہ کے ساتھ ساتھ رکوع میں جاتے اور رکوع سے اٹھتے وقت رفع یدین کرنے کو بھی سنت کہہ کر اس پر عمل کرنے کے قائل ہیں۔

رکوع میں جاتے وقت اور رکوع سے اٹھتےوقت رفع یدین کرنے اور نہ کرنے سے متعلق سلف صالحین وائمہ محدیث کے مابین اختلاف ہے اور دوراول یعنی صحابہ وتابعین وتبع تابعین رضی اللہ عنھم سےاس میں اختلاف چلا آرہا ہے اوراس اختلاف کی اصل وجہ یہ ہے کہ رفع یدین کے بارے مختلف روایات وارد ہوئی ہیں لہٰذا جس مجتہد نے اپنے دلائل کی روشنی میں جس صورت کوزیادہ بہتر وراجح سمجھااس کو اختیار کیا اورکسی بھی مجتہد نے دوسرے مجتہد کے عمل واجتہاد کو باطل وغلط نہیں کہا اور یہی حال ان مجتہدین کرام کا دیگراختلافی مسائل میں بھی ہے کہ باوجوداختلاف کے ایک دوسرے کے ساتھ محبت وعقیدت واحترام کا رشتہ رکھتے تھے جیسا کہ گذشتہ سطور میں گذر چکا کہ امام شافعی رحمہ اللہ امام مالک رحمہ اللہ کے شاگرد ہیں لیکن بہت سارے اجتہادی مسائل میں ان سے اختلاف رکھتے ہیں حتیٰ کہ رفع یدین کے مسئلہ میں بھی دونوں استاذ وشاگرد کا اجتہاد مختلف ہے امام شافعی رحمہ اللہ رفع یدین کے قائل ہیں اورامام مالک رحمہ اللہ رفع یدین کے قائل نہیں ہیں وغیر ذالک اور دوراول سے لےکر آخرتک یہی حالت رہی، حتیٰ کہ ہمارے اس آخر زمانہ میں ہندوستان کے اندر کچھ نفوس پرمشتمل ایک جماعت نمودار ہوئی جس نے بڑے زور وشور سے ان اختلافی مسائل کو لےکرعوام الناس کو ان ائمہ مجتہدین خصوصاً امام اعظم ابوحنیفہؒ وعلماء احناف کے منہج وطریق سے ہٹانے کا بھرپور سلسلہ شروع کیا اورمختلف حیلوں بہانوں سے عوام کو یہ باور کرایا اورآج تک کرارہے ہیں کہ احناف کی فقہ اوران کا عمل حدیث رسول ﷺ کے بالکل مخالف ہے ان کا مشہورطریقہ واردات اس بارے میں یہ ہوتا ہے کہ مثلاً ایک اختلافی مسئلہ میں وہ روایت عوام کے سامنے پیش کرتے ہیں جس کے ساتھ احناف بوجوہ استدلال نہیں کرتے اوراس مسئلہ میں احناف کی متدل روایات کو جہالت یا ضد وتعصب کی وجہ سے پیش نہیں کرتے مثلاً رفع یدین کا مسئلہ لے لیں ایک عام آدمی کے سامنے حدیث پڑھتے ہیں کہ دیکھو حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ وسلم رکوع میں جاتے وقت اور رکوع سےاٹھتے وقت رفع یدین کرتے تھے اور حنفی اس حدیث پرعمل نہیں کرتے لہٰذا ان کو چھوڑدو اور اہل حدیث جماعت میں شامل ہوجاؤجن کا مقصد صرف اور صرف حدیث رسول ﷺ پر عمل کرنا ہے لہٰذا عموماً ایک عام ناواقف شخص جسے نہ قرآن و حدیث کے ناسخ و منسوخ کا پتہ ہے اور نہ ہی صحیح و ضعیف احادیث کےفرق کی کچھ خبر ہے، وہ اسی وسوسہ کو قبول کرکے ٹھوکر کھا لیتا ہے،جیسا کہ معلوم ہے کہ مسئلہ رفع یدین سے متعلق علماء کرام کی مفصل ومختصر بہت ساری کتب موجود ہیں جن میں اس مسئلہ پر سیر حاصل بحث وکلام موجود ہے لہٰذا میں اس مختصر مقالہ میں صرف ائمہ اربعہ کی آراء اور ائمہ احناف کے کچھ دلائل ذکرکروں گا تاکہ ایک عام آدمی کومعلوم ہوجائے کہ حنفی تکبیر تحریمہ کےعلاوہ رفع یدین کیوں نہیں کرتے اور ان کے پاس رفع یدین کے منسوخ ہونے کے کیا دلائل ہیں۔

رفع یدین کرنے کی سب سے قوی روایت

رفع یدین کرنے کی روایات متعدد ہیں، مگر قائلین رفع کے نزدیک سب سے قوی ترین روایت حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی ہے۔جس کے الفاظ بخاری شریف میں یہ ہیں:

"عَنْ عَبْدِاللهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ اِذَا قَامَ فِي الصَّلاَةِ رَفَعَ يَدَيْهِ حَتّٰى تَكُوْنَا حَذْوَ مَنْكِبَيْهِ وَ كَانَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ حِيْنَ يُكَبِّرُ لِلرَّكُوْعِ وَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ اِذَا رَفَعَ رَأْسَه' مِنَ الرَّكُوْعِ وَ يَقُوْلُ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَه' وَ لاَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ فِي السُّجُوْدِ"۔ "عبداللہ بن عمرؓ فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کودیکھا کہ وہ شروع نماز میں اور رکوع میں جاتے اور رکوع سے سراٹھاتے وقت رفع یدین کیا کرتے تھے اور سجدہ میں آپ ایسا نہیں کرتے تھے"۔ (صحیح البخاري: كتاب الصلاة، باب رفع اليدين، جلد نمبر ا، صفحہ نمبر ۱۰۲)

یہ حدیث رفع یدین کے سلسلہ میں سب حدیثوں سے قوی حدیث سمجھی گئی ہےاور اس کی سند سلسلۃ الذہب ہے مگر اس کے باوجود حنفیہ ترکِ رفع یدین کو اس لئے ترجیح دیتے ہیں کہ خود حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کی روایات باہم اتنی متعارض ہیں کہ ان میں سے کسی ایک کو ترجیح دینا مشکل ہے۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کی روایات میں کل سات قسم کا اضطراب ہے۔
۱۔ مدونۃ الکبریٰ میں اسی روایت کو نقل کیا گیا ہے جس میں صرف عندالافتتاح کے رفع یدین کا ذکر ہےاور مدونۃ میں صرف اسی کے اثبات کے لئے اسے نقل کیاگیاہے۔ امام طحاویؒ نے بھی شرح المعانی الآثارمیں حضرت ابن عمررضی اللہ عنہ سے صرف تکبیر تحریمہ کے وقت کے رفع یدین کی روایت نقل کی ہے جس سے صاف یہی معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ابن عمررضی اللہ عنہ کے پاس اس معاملہ میں کوئی مرفوع حدیث ضرورہوگی۔ اسی طرح کی ایک اورروایت بیہقی بحوالہ نصب الرایہ میں بھی آئی ہے کہ رسول اللہ ﷺ تکبیر افتتاح کے بعد رفع یدین کااعادہ نہیں فرماتے تھے۔
۲۔ امام مالکؒ سے اس روایت کو امام شافعیؒ، عبداللہ بن مسلمہ القعبنیؒ اور یحیٰ سیوطیؒ نے نقل کیا ہےاس میں صرف دو مرتبہ رفع یدین کا ذکر ملتا ہے۔ ایک تکبیر تحریمہ کے وقت اور دوسرا رکوع سے اٹھتے وقت، مگر رکوع میں جاتے وقت رفع یدین کا ذکر نہیں ہے۔
۳۔ صحیح بخاری میں حضرت نافع کے طریق سے اس روایت میں چار جگہ رفع یدین کا ذکرملتا ہے۔ عندالافتتاح، عندالرکوع، عندرفع من الرکوع اور چوتھے اذا قامہ من الرکعتین یعنی پہلے قعدے سے قیام کے لئے کھڑے ہوتےوقت۔
۴۔ صحاح ستہ کی کتابوں میں ابن وھب عن القاسم عن مالک کی سند سے تین مواقع پر رفع یدین نقل ہوا ہے۔ عندالافتتاح، عندالرکوع اور بعدالرکوع۔
۵۔ امام بخاریؒ نے اس روایت کو جزءرفع الیدین میں نقل کیاہےجس میں سجدہ میں جاتے وقت بھی رفع یدین کا ذکرملتاہے۔ (بحوالہ معارف السنن: ج۲، ص۴۷۴)
۶۔ امام طحاویؒ مشکل الآثارمیں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث مرفوع اس طرح نقل کرتے ہیں کہ اس میں مذکورہ مقامات کے علاوہ عندکل خفض ورفع وبین السجدتین میں بھی رفع یدین کاذکرموجودہے۔
۷۔ مندرجہ بالامقامات کے علاوہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے ہراونچ نیچ میں رفع یدین کا ذکر بھی ملتا ہے جس کی روایت امام بخاریؒ نے جزءرفع الیدین میں نقل کی ہے۔
حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کی روایات کے علاوہ سنن النسائی میں حضرت مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ سے، ابن ماجہ میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور ابوداؤدمیں حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ کی روایات میں بھی سجدوں کےرفع یدین کاذکر صحیح سند سے ملتاہے۔
اس کے علاوہ ابن ماجہ میں حضرت عمیربن قتادہ رضی اللہ عنہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے ہر تکبیر کے وقت رفع یدین کا ذکر بھی ملتاہے۔

ترکِ رفع یدین کی سب سے قوی روایت

رفع یدین نہ کرنے کے بارے میں صحیح وصریح روایات پانچ ہیں، ان میں سے ایک درج ذیل یہ ہے۔
''حَدَّثَنَا هَنَّادٌ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الأَسْوَدِ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ أَلاَ أُصَلِّي بِكُمْ صَلاَةَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؟ فَصَلَّى فَلَمْ يَرْفَعْ يَدَيْهِ إِلاَّ فِي أَوَّلِ مَرَّةٍ۔ قَالَ وَفِي الْبَابِ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ۔ قَالَ أَبُو عِيسَى حَدِيثُ ابْنِ مَسْعُودٍ حَدِيثٌ حَسَنٌ۔ وَبِهِ يَقُولُ غَيْرُ وَاحِدٍ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَالتَّابِعِينَ۔ وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَأَهْلِ الْكُوفَةِ''۔ ''حضرت علقمہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہمانے فرمایا: کیامیں تمہیں اس بات کی خبر نہ دوں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم کیسے نمازپڑھتے تھے؟ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما نے نماز پڑھی اور تکبیر تحریمہ کے علاوہ رفع یدین نہیں کیا۔ اس باب میں براءبن عازب رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے۔ امام ابو عیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں حدیث ابن مسعودؓ حسن صحیح ہےاور یہی قول ہے بہت سارے صحابہؓ و تابعینؒ میں اہل علم کا سفیان ثوریؒ اور اہل کوفہ کا بھی یہی قول ہے''۔(جامع ترمذی: باب مَا جَاءَ أَنَّ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم لَمْ يَرْفَعْ إِلاَّ فِي أَوَّلِ مَرَّةٍ، ج ۱،ص ۱۸۵؛ سنن النسائی: ج۱، ص۱۵۸؛ سنن ابی داوٗد:ج۱،ص۱۱۶؛ مشکاۃالمصابیح علامہ ناصرالدین البانیؒ: ج۱، باب صفۃ الصلاۃ ، الأصل، رقم الحدیث ۸۰۹)
اس حدیث کو امام ترمذیؒ نے حسن کہاہے، اور ابنِ حزم ظاہریؒ (غیر مقلد عالم) نےاپنی مشہور کتاب ''المحلی'' میں صحیح کہا ہے۔مشہور غیر مقلد محدث علامہ ناصرالدین البانیؒ نے بھی اس حدیث کو صحیح کہا ہے۔کچھ حضرات نے اس حدیث پر کلام کیا ہے مگر علامہ احمد محمد شاکرؒ نے اس کو مسترد کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ:''یہ حدیث صحیح ہے، ابنِ حزمؒ اور دیگر حفاظ حدیث نے اس کو صحیح کہا ہے، اور لوگوں نے اس کی تعلیل میں جو کچھ کہا ہےوہ علت (خرابی) نہیں ہے''۔(جامع ترمذی: جلد نمبر ۲، صفحہ نمبر ۴۱)
رفع یدین کا مسئلہ چونکہ معرکۃ الآراء ہے اس لئے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث کی طرح مندرجہ بالاحضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث پر بھی کچھ لوگوں نے کلام کیا ہے، مگر ہمارے نزدیک صحیح بات یہ ہے جو علامہ ابنِ ہمامؒ (حنفی) نے ہدایہ کی شرح میں تحریر فرمائی ہے:''ساری بحث کے بعد تحقیقی بات یہ ہے کہ دونوں روایتیں حضوراکرم ﷺ سے ثابت ہیں یعنی رکوع میں جاتے وقت ہاتھ اٹھانا اورنہ اٹھانا، لہٰذا تعارض کی وجہ سے ترجیح کی ضرورت پیش آئے گی''۔
امام العصرعلامہ انور شاہ کشمیریؒ فرماتے ہیں: ''دونوں باتوں پر متواتر عمل ہورہا ہے۔صحابہ کرامؓ، تابعین اور تبع تابعین کے زمانے سے، اور اختلاف صرف اس بات میں ہے کہ دونوں میں سے افضل کیا ہے؟''۔

روایات کس طرف زیادہ ہیں اور عمل کس طرف زیادہ ہے؟

واقعہ یہ ہے کہ رفع یدین کی روایات ترکِ رفع سے زیادہ ہیں، قائلین کہتے ہیں کہ ۵۰ پچاس صحابہ کرامؓ سے رفع یدین کرنے کی روایات مروی ہیں، مگر یہ بات صحیح نہیں ہے، کیونکہ اس میں ان صحابہ کرامؓ کو بھی شمار کرلیا گیاہے جن سے صرف تکبیر تحریمہ کے وقت رفع یدین مروی ہے، صحیح تعداد امام شوکانیؒ کی تصریح کے مطابق ۲۰ بیس ہے۔ اور اس میں بھی نقد کی گنجائش ہے۔ امام العصر علامہ انور شاہ کشمیریؒ کی تحقیق کے مطابق بحث و تمحیص کے بعد پندرہ صحابہ یا اس سے بھی کم رہ جاتے ہیں۔ اور ترکِ رفع یدین کی تصریح روایات پانچ ہیں۔
مگر عمل کی صورت اس سے بالکل مختلف ہے، مدینہ منورہ جو مہبطِ وحی ہے، اور کوفہ جو عساکر اسلام کی چھاؤنی ہے، اور جس میں ۵۰۰ پانچ سو صحابہ کرامؓ کا فروکش ہونا ثابت ہے، ان دو شہروں کے بارے میں موافق و مخالف سب تسلیم کرتے ہیں کہ کوفہ میں تو کوئی بھی رفع یدین نہیں کرتا تھا، اور

مدینہ منورہ میں اکثریت رفع یدین نہیں کرتی تھی، چنانچہ امام مالکؒ جو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کی روایت کو سب سے زیادہ اہمیت دیتے ہیں، مجبور ہوئے کہ تعامل مدینہ کے پیش نظر ترکِ رفع یدین کو اختیار کریں۔اور باقی بلادِ اسلامیہ میں رفع یدین کرنے والے بھی تھے اور نہ کرنے والے بھی۔

موطأ الإمام مالك
المتوفى ۱۷۹ھ
رواية محمد بن الحسن الشيباني
مع
التعليق الممجد على موطأ محمد
شرح العلامة عبد الحي اللكنوي
تعليق وتحقيق
الدكتور تقي الدين الندوي
المجلد الأول
دار السنة والسيرة بومباي — دار القلم دمشق

ثم لا يرفع(۱) في شيء من الصلاة(۲) بعد ذلك، وهذا كله قول أبي حنيفة(۳) ــ رحمه الله تعالى ــ وفي ....

(۱) قوله: ثم لا يرفع: ولو رفع لا تفسد صلاته كما في «الذخيرة» وفتاوى الولوالجي وغيرهما من الكتب المعتمدة، وحكى بعض أصحابنا عن مكحول النسفي أنه روي، عن أبي حنيفة فساد الصلاة به، واغترّ بهذه الرواية أمير الكاتب الإتقاني صاحب «غاية البيان» فاختار الفساد، وقد ردّ عليه السبكي في عصره أحسن ردّ كما ذكره ابن حجر في «الدرر الكامنة في أعيان المائة الثامنة»، وصنّف محمود بن أحمد بن مسعود القونوي الحنفي رسالة نفيسة في إبطال قول الفساد، وحقق فيها أن رواية مكحول شاذة مردودة، وأنه رجل مجهول لا عبرة لروايته، وقد فصلتُ في هذا الباب تفصيلاً حسناً في ترجمة مكحول في كتاب: «طبقات الحنفية» المسمّى بالفوائد البهية في تراجم الحنفية، فليرجع إليه.

(۲) أي: في جزء من أجزاء الصلاة.

(۳) قوله: قول أبي حنيفة، ووافقه في عدم الرفع إلا مرة الثوريُّ والحسنُ بن حَيّ وسائر فقهاء الكوفة قديماً وحديثاً، وهو قول ابن مسعود وأصحابه، وقال أبو عبد الله محمد بن نصر المَرْوزي: لا نعلم مصراً من الأمصار تركوا بإجماعهم رفعَ اليدين عند الخفض والرفع إلا أهل الكوفة، واختلفت الرواية فيه، عن مالك، فمرة قال: يرفع، ومرة قال: لا يرفع، وعليه جمهور أصحابه، وقال الأوزاعي والشافعي وأحمد وأبو عبيد وأبو ثور وابن راهويه ومحمد بن جرير الطبري وجماعة أهل الحديث بالرفع إلا أن منهم من يرفع عند السجود أيضاً، ومنهم من لا يرفع عنده. ورُوي الرفع في الرفع والخفض، عن جماعة من الصحابة، منهم ابن عمر وأبو موسى وأبو سعيد الخدري وأبو الدرداء وأنس وابن عباس وجابر، وروَى الرفعَ، عن النبي ﷺ نحوُ ثلاثة وعشرين رجلاً من الصحابة كما ذكره جماعة من أهل الحديث، كذا في «الاستذكار»(۱) لابن عبد البر. وذكر السيوطي في رسالته،

(۱) ۲/۱۲۳ ــ ۱۲۵.

۳۸٤

کوفہ اسلام کا دار الخلافہ بن گیا تھا۔ اسی کوفہ کے بارے میں امام عراقی نے شرح التقریب میں امام محمد بن نصر المروزی سے نقل کیا ہے۔

لَا نَعْلَمُ مِصْرًا مِّنَ الْاَمْصَارِ تَرَکُوْا بِاِجْمَاعِہِمْ رَفْعَ الْیَدَیْنِ عِنْدَ الْخَفْضِ وَالرَّفْعِ فِی الصَّلٰوۃِ اِلَّا اَھْلَ الْکُوْفَۃِ۔ فَکُلُّھُمْ لَا یَرْفَعُ اِلَّا فِی الْاِحْرَامِ (اتحاف شرح احیاء العلوم صہ ۵۴ ج ۳)

ترجمہ۔ ہمیں شہروں میں سے کوئی شہر معلوم نہیں کہ وہاں کے لوگوں نے نماز کے جھکنے اور اٹھنے کے وقت رفع الیدین بالا جماع ترک کیا ہو۔ سوائے اہل کوفہ کے کہ وہ سب کے سب تحریمہ کے سوا کسی جگہ رفع یدین نہیں کرتے۔

اور یہ سورتِ حال اس لئے تھی کہ جو عمل جس قدر زیادہ رائج ہوتا ہے اس کے بارے میں روایات کم ہوجاتی ہیں، کیونکہ تعامل خود بہت بڑی دلیل ہے، اس کی موجودگی میں روایت کی چنداں ضرورت نہیں رہتی، اسلئے وہ بات بغیر کسی لیت لعل کے تسلیم کرلینی چاہیئے جو علامہ ابنِ ہمامؒ کے حوالہ سے پہلے گذرچکی ہے کہ حضوراکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سے رفع بھی ثابت ہے اور عدم رفع بھی۔

اختلاف کا سبب

علامہ ابن رشد المالکی نے یہی تصریح کی ہے اور فرمایا کہ رفع یدین میں اختلاف کا سبب دراصل اس باب میں وارد شدہ مختلف روایات کی وجہ سے ہے یعنی چونکہ روایات مختلف ہیں لہٰذا ائمہ مجتہدین کا عمل بھی ہوگا۔ جولوگ یہ کہتے ہیں کہ رفع یدین نہ کرنے والوں کی نماز غلط ہے تو ایسے لوگ جاہل وکاذب ہیں۔

اختلاف کی پہلی وجہ

مجتہدین ومحدثین کرام نے جب مختلف روایات اور قرونِ اولیٰ کے لوگوں کے عمل پر غور کیا تو دونقطۂ نظر سامنے آئے۔

پہلا نقطۂ نظر

کچھ حضرات نے یہ سمجھا کہ رفع یدین تکبیر فعلی ہے یعنی تعظیم عملی ہے، اور نماز کے لئے زینت ہے،امام شافعیؒ سے ایک موقع پر پوچھا گیا کہ رکوع میں جاتے ہوئے رفع یدین کرنے کی کیاوجہ ہے؟ تو انھوں نے جواب دیا کہ ’’اس کی وہی حکمت ہے جو تکبیر تحریمہ کے وقت رفع یدین کی ہے، یعنی اللہ تعالیٰ کی تعظیم کرنا، اور یہ ایک معمول بہا سنت ہے جس میں صواب کی امید ہے، اور جیسے صفا و مروہ پر اور دوسرے موقعوں پر رفع یدین کیا جاتا ہے‘‘۔(نیل الفرقدین: ص۴)

حضرت سعید بن جبیرؒنے رفع یدین کی حکمت بیان فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا ہے کہ ’’رفع یدین کا مقصد صرف یہ ہے کہ اس کے ذریعہ آدمی اپنی نماز کو مزین کرتا ہے‘‘۔(نیل الفرقدین: ص۵)

جن حضرات کا یہ نقطۂ نظر بنا انھوں نے رفع یدین کی روایات کو ترجیح دی، اور ان کو معمول بہابنایا۔

دوسرا نقطۂ نظر

دوسرا نقطۂ نظر یہ ہے کہ رفع یدین کا مقصد تحرُّم ہے جیسے سلام کے وقت دائیں بائیں منہ پھیرنے کا مقصد تحلّل ہے، چنانچہ نماز کے شروع میں تحرُّم قولی یعنی تکبیر تحریمہ اور تحرُّم فعلی یعنی رفع یدین کو جمع کیا گیا ہے، تاکہ قول و عمل میں مطابقت ہوجائے،اس موقع کے علاوہ نماز کے درمیان تحرُّم فعلی کے کوئی معنٰی نہیں ہیں، بلکہ وہ محض ایک حرکت ہےاور حرکت نماز کے منافی ہے۔مسلم شریف میں ہے کہ حضوراکرم ﷺ مسجد میں تشریف لائے، آپ ﷺ نے دیکھا کہ لوگ نماز پڑھتے ہیں اور السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہتے وقت دونوں جانب ہاتھ سے اشارہ کرتے ہیں، اس پر آں حضرت ﷺ نے ارشاد فرمایاکہ:"کیا بات ہے کہ آپ لوگ ہاتھوں سے اس طرح اشارہ کرتے ہیں جیسے کہ وہ بدکے ہوئے گھوڑوں کی دمیں ہوں؟ آپ لوگوں کے لئے یہ کافی ہے کہ ہاتھ رانوں پر رکھے ہوئے دائیں بائیں اپنے بھائیوں کو سلام کریں"۔(صحیح مسلم، جلد نمبر ۲، کتاب الصلاۃ، باب عَنِ الإِشَارَةِ بِالْيَدِ وَرَفْعِهَا عِنْدَ السَّلَامِ وَإِتْمَامِ الصُّفُوفِ الْأُوَلِ وَالتَّرَاصِّ فِيهَا وَالْأَمْرِ بِالِاجْتِمَاعِ، رقم الحدیث ۹۷۰)

علاوہ ازیں ترمذی شریف کی روایت میں نماز کی حقیقت یہ بیان کی گئی ہے:

"نماز دو دو،دو دو رکعتیں ہیں یعنی ہر رکعت پر قعدہ ہے، اور فروتنی ہے، اور گڑگڑانا ہے، اور مسکین بننا ہے، اور آپ اپنے دونوں ہاتھ اپنے پروردگار کے سامنے اس طرح اٹھائیں کہ ہتھیلیاں چہرے کی طرف ہوں اور آپ کہیں اے میرے رب! اے میرے رب! اور جس نے ایسانہیں کیا وہ ایسا اور ایسا ہے (یعنی ناپسندیدہ بندہ ہے اور اس کی نماز ناقص ہے)"۔(جامع ترمذی: جلد نمبر ا، صفحہ نمبر ۵۱)

اس روایت میں نماز کی جو حقیقت بیان کی گئی ہےوہ اس بابت کی مُقتضِی ہے کہ نماز میں زیادہ سے زیادہ سکون ہونا چاہیئے، اور نماز میں بار بار ہاتھ اٹھاناظاہر ہے کہ اس مقصد کوفوت کرتا ہے۔جن حضرات کا یہ نقطۂ نظر بنا انھوں نے ترکِ رفع یدین کی روایات کوترجیح دی۔

اختلاف کی دوسری وجہ

اختلاف کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ مجتہدین کے درمیان اس بات میں اختلاف ہوا ہے کہ حضوراکرم ﷺ کاپہلا عمل کونسا تھا اور آخری عمل کونسا؟ یعنی رفع اصل ہے یا ترکِ رفع اصل ہے؟کچھ حضرات کا خیال یہ ہے کہ پہلے رفع صرف تکبیر تحریمہ کے وقت تھا، پھر تدریجاًدوسری جگہوں میں بھی بڑھایا گیا۔ اس کے بالمقابل دوسرا نقطۂ نظر اس سے بالکل مختلف ہے کہ پہلے نماز میں ہر تکبیر کے ساتھ رفع یدین کیا جاتا تھا، پھر تدریجاًاس کو ختم کیا گیا۔اور صرف تکبیر تحریمہ کے وقت باقی رہا، لہٰذا حضور اکرم ﷺ کا آخری عمل ترکِ رفع ہے۔

اوریہی دوسرانقطۂ نظر قرینِ صواب ہے کیونکہ احناف کے پاس اس کی معقول توجیہ بھی موجود ہےوہ یہ کہ نماز کے احکامات کا احادیث سے اگر جائزہ لیا جائے تو پتہ چلتاہے کہ نماز کے احکام تدریجاًحرکت سے سکون کی طرف منتقل ہوتے رہے ہیں۔ ابتداءِ اسلام میں نماز میں بات چیت کرنا جائز تھالیکن بعد میں اسے منسوخ کرکے بات چیت کرنے پر پابندی لگادی گئی۔ پہلے عمل کثیر سے نماز فاسد نہیں ہوتی تھی لیکن بعد میں اسے مفسدصلوٰۃ قرار دے دیا گیا۔ پہلے نماز میں التفات کی گنجائش تھی لیکن بعد میں وہ بھی منسوخ ہوگیا۔اسی طرح شروع میں کثرت رفع یدین کی بھی اجازت تھی کہ ہر خفض ورفع اور ہر انتقال کے وقت مشروع تھاپھر اس میں کمی کی گئی اور صرف پانچ مواقع پر جائزرکھاگیا۔ پھر بعد میں مزید کمی کی گئی اور چار جگہ مشروع رہ گیا۔ پھر اسی طرح اس میں مسلسل کمی کی جاتی گئی یہاں تک کہ وہ صرف تکبیرتحریمہ تک ہی باقی رہ گیا۔

احادیث کا اگرجائزہ لیاجائے تو درج ذیل مواقع پر رفع یدین کرنے کا ذکر ملتا ہےاور ان ہی مواقع پر ترکِ رفع کا بھی ذکر ملتا ہے۔

ا۔ سلام پھیرتےوقت۔ (صحیح مسلم، کمافی روایۃحضرت جابر بن سمرۃؓ)

۲۔ سجدے میں جاتےوقت۔ (سنن نسائی، کمافی روایۃحضرت مالک بن حویرثؓ)

۳۔ سجدے سے سراٹھاتے وقت (یعنی دو سجدوں کے درمیان)۔ (سنن نسائی، کمافی روایۃحضرت مالک بن حویرثؓ)

۴۔ دونوں سجدوں سے کھڑے ہوتے وقت (یعنی دوسری اورچوتھی رکعت کے شروع میں)۔ (سنن نسائی،کمافی روایۃحضرت عبداللہ بن عباسؓ) (سنن ابی داوٗد، کمافی روایۃ حضرت وائل بن حُجرؓ)

۵۔ ہرتکبیراورہراونچ نیچ پر۔ (سنن ابی داوٗد، کمافی روایۃ حضرت وائل بن حُجرؓ) (سنن ابن ماجہ، کمافی روایۃحضرت عبداللہ بن عباسؓ، حدیث عُمَیربن قتادۃؓ حبیب و لفظہ یَرفَعُ یدیہ مع کل تکبیر)

۶۔ تیسری رکعت کے شروع میں۔ (صحیح بخاری، کمافی روایۃحضرت عبداللہ بن عمرؓ)

۷۔ رکوع میں جاتے وقت اوررکوع سے اٹھتے وقت ۔ (صحیح بخاری، کمافی روایۃحضرت عبداللہ بن عمرؓ)

۸۔ صرف تکبیرتحریمہ کے وقت۔ (جامع ترمذی،کمافی روایۃ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ) (صحیح البخاری، کمافی روایۃ حضرت ابو حمید ساعدیؓ)

رفع یدین کے یہ تمام مواقع احادیث کی کتابوں میں مروی ہیں، لیکن حیرت کی بات یہ ہے کہ آج موجودہ دور کے غیر مقلدین حضرات صرف تین موقعوں پر رفع یدین کو فرض قرار دیتے ہیں حالانکہ بقول غیرمقلدین حضرات کے رفع یدین نماز کی زینت ہے اورباعثِ اجروصواب ہےتو پھر یہ حضرات صرف تین مقامات پر یہ زینت و صواب حاصل کیوں کرتے ہیں بقیہ مقامات پر کیوں نہیں لہٰذا یہ بات ثابت ہوگئی کہ یقیناً باقی جگہوں پر یہ حضرات بھی رفع یدین کو منسوخ ہی مانتے ہونگے، تب ہی تو ان جگہوں پر یہ بھی رفع یدین کرنا پسند نہیں کرتے۔لہٰذافی الجملہ نسخ تو ان حضرات نے بھی تسلیم کرلیایعنی مذکورہ بالا سات جگہوں میں سےپانچ جگہوں میں قائلینِ رفع بھی نسخ تسلیم کرتے ہیں، اور آٹھویں جگہ یعنی تکبیر تحریمہ کے بارے میں تو سب کااتفاق ہے کہ نسخ نہیں ہوا ہے۔

اب اختلاف صرف یہ ہے کہ رکوع میں جاتے،رکوع سے اٹھتےاور تیسری رکعت کے لئے کھڑے ہوتے وقت رفع یدین معمول بہا ہےیا منسوخ؟ مذکورہ بالا تمام مباحث کی روشنی میں معقول نقطۂ نظر صرف دو ہی ہوسکتے ہیں، یا توصرف تکبیر تحریمہ کے وقت رفع یدین مانا جائے، باقی روایات کے بارے میں یہ کہا جائے کہ وہ سب روایات صحیح ہیں مگر منسوخ ہوگئی ہیں، یا پھر رفع یدین کرنے کی تمام روایات کو صحیح تسلیم کرتے ہوئے ہر تکبیراورہر اونچ نیچ میں رفع یدین کیا جائے۔ رفع یدین کی صرف چند ایک روایات کو لےکر درمیان میں (یعنی رکوع میں جاتے اور رکوع سے اٹھتے ہوئے اور تیسری رکعت کے لئے کھڑے ہوتے ہوئے) رفع یدین کرنااور باقی تمام روایات کو چھوڑکر دیگر مقامات پر رفع یدین ترک کردینا کوئی معقول نقطۂ نظر نہیں ہے۔

امام ابو حنیفہؒ اور امام مالکؒ نے یہ سمجھا کہ رفع یدین تدریجاً ختم کیاگیا ہے، اور آخر میں صرف ایک جگہ یعنی تکبیر اولیٰ کے وقت رہ گیا ہے، اور ان کا یہ سمجھنا زیادہ مدلل اور قابل قبول ہے کیونکہ مذاہبِ اربعہ کے دوسرے دو بڑے امام یعنی امام شافعیؒ اور امام احمدؒ بھی فی الجملہ نسخ تسلیم کرتے ہیں۔اور ان کے ساتھ غیر مقلدین حضرات بھی اسی کے قائل ہیں۔
لیکن امام شافعیؒ، امام احمدؒ اور موجودہ دور کے غیر مقلدین حضرات کا نقطۂ نظر قابل قبول نہیں ہے کیونکہ وہ ایک طرف نسخ بھی تسلیم کرتے ہیں، اور دوسری طرف آخری روایات بھی نہیں لیتے، بلکہ درمیانی مرحلہ کی ایک روایت لیتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ ان کی یہ بات کسی طرح معقول نہیں ہوسکتی۔
اب میں انشاءاللہ صحیح احادیث مبارکہ کی روشنی میں یہ بات ثابت کرونگا کہ رفع یدین ابتداءِ اسلام میں نماز کی ہر اونچ نیچ اور سلام پھیرتے وقت کیا جاتا تھااور اللہ تبارک و تعالیٰ نے جب تک چاہایہ عمل نمازمیں کیا جاتا رہا، پھر یہ عمل منسوخ ہوگیا اور آہستہ آہستہ نماز میں اپنے ہر مقام سے ترک کردیا گیا۔
رفع یدین کی منسوخیت کو سمجھنے کے لئے ہمیں سب سے پہلے ناسخ اور منسوخ کو سمجھنا پڑے گا کہ ناسخ و منسوخ کیا ہے، اور قرآن و حدیث میں یہ کس طرح سے بیان ہوا ہے۔

ناسخ اور منسوخ کی لغوی تعریف

لغوی اعتبار سے نسخ کے دو معنیٰ ہیں۔ ایک تو "ازالہ" ہے یعنی کسی چیز کو زائل کرنا جیسے سورج نے سائے کو زائل کر دیا۔ دوسرا معنیٰ ہے کسی چیز کو نقل کرنا جیسا کہ اگر کسی کتاب میں سے کوئی بات نقل کی جائے تو کہا جائے گا کہ میں نے کتاب کو نسخ کر دیا ہے۔ ناسخ، منسوخ کو زائل کر دیتا ہے یا پھر اسے منتقل کر دیتاہے۔

ناسخ اور منسوخ کی اصطلاحی تعریف

اصطلاحی مفہوم میں شریعت کے ایک حکم کی جگہ دوسرا حکم جاری کرنے کا نام 'نسخ' ہے۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے

مَا نَنسَخْ مِنْ ءَايَةٍ أَوْ نُنسِهَا نَأْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَآ أَوْ مِثْلِهَآ ۗ أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ ٱللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَىْءٍ قَدِيرٌ۔ {سورۃ البقرہ ۱۰۴}
ترجمہ: جس آیت کو ہم منسوخ کردیں، یا بھلا دیں تو بھیج دیتے ہیں اس سے بہتر یا اسکے جیسی ،کیاتجھ کو معلوم نہیں کہ اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔
حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں نسخ کے معنیٰ بدل کے ہیں، مجاہدؒفرماتے ہیں مٹانے کے معنیٰ ہیں جو (کبھی) لکھنے میں باقی رہتا ہے اور حکم بدل جاتا ہے، حضرت ابن مسعودؓ کے شاگرد اور ابو العالیہؒ اور محمد بن کعب قرظیؒ سے بھی اسی طرح مروی ہے، ضحاکؒ فرماتے ہیں بھلا دینے کے معنیٰ ہیں، عطاؒ فرماتے ہیں چھوڑ دینے کے معنیٰ ہیں ، سدیؒ کہتے ہیں اٹھا لینے کے معنیٰ ہیں، جیسے آیت" الشیخ والشیختہ اذا زنیا فارجمو ھما البتتہ" یعنی زانی مرد و عورت کو سنگسار کر دیا کرو اور جیسے آیت"لو کان لابن ادم و ادیان من ذھب لابتغی لھما ثالثا"یعنی ابن آدم کو اگر دو جنگل سونے کے مل جائیں جب بھی وہ تیسرے کی جستجو میں رہے گا۔ امام ابن جریرؒ فرماتے ہیں کہ احکام میں تبدیلی ہم کر دیا کرتے ہیں حلال کو حرام، حرام کو حلال، جائز کو ناجائز، ناجائز کو جائز وغیرہ امر و نہی، روک اور رخصت، جائز اور ممنوع کاموں میں نسخ ہوتا ہے ہاں جو خبریں دی گئی ہیں واقعات بیان کئے گئے ہیں ان میں رد و بدل و ناسخ و منسوخ نہیں ہوتا۔
نسخ کے لفظی معنیٰ نقل کرنے کے بھی ہیں جیسے کتاب کے ایک نسخے سے دوسرا نقل کر لینا۔ اسی طرح یہاں بھی چونکہ ایک حکم کے بدلے دوسرا حکم ہوتا ہے اس لئے نسخ کہتے ہیں خواہ وہ حکم کا بدل جانا ہو خواہ الفاظ کا۔ علماء اصول کی عبارتیں اس مسئلہ میں گو مختلف ہیں مگر معنیٰ کے لحاظ سے سب قریب قریب ایک ہی ہیں۔نسخ کے معنیٰ کسی حکم شرعی کا پچھلی دلیل کی رو سے ہٹ جانا ہے کبھی ہلکی چیز کے بدلے بھاری اور کبھی بھاری کے بدلہ ہلکی اور کبھی کوئی بدل ہی نہیں ہوتا ہے۔ نسخ کے احکام اس کی قسمیں اس کی شرطیں وغیرہ ہیں اس کے لئے اس فن کی کتابوں کا مطالعہ کرنا چاہئے تفصیلات کی بسط کی جگہ نہیں طبرانی میں ایک روایت ہے کہ "دو شخصوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک سورت یاد کی تھی اسے وہ پڑھتے رہے ایک مرتبہ رات کی نماز میں ہر چند اسے پڑھنا چاہا لیکن یاد نے ساتھ نہ دیا گھبرا کر خدمت نبوی ﷺ میں حاضر ہوئے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا ذکر کیا آپ نے فرمایا یہ منسوخ ہوگئی اور بھلا دی گئی دلوں میں سے نکال لی گئی تم غم نہ کرو بے فکر ہو جاؤ "۔(تفسیر ابن کثیرؒ)

حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا أَبُو الْعَلَاءِ بْنُ الشِّخِّيرِ، قَالَ: "كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْسَخُ حَدِيثُهُ بَعْضُهُ بَعْضًا، كَمَا يَنْسَخُ الْقُرْآنُ بَعْضُهُ بَعْضًا"۔

"سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہماری (بعض) احادیث بعض (احادیث) کو اس طرح منسوخ کرتی ہیں جیسا کہ منسوخ کرتا ہے قرآن کا بعض حصہ بعض کو"۔[صحیح مسلم: كِتَاب الْحَيْضِ، بَاب إِنَّمَا الْمَاءُ مِنَ الْمَاءِ، رقم الحديث ۵۲۵]

حدیث میں ہے کہ "إنما الماء من الماء" (صحیح بخاری) یعنی غسل انزال سے واجب ہوگا۔

(دلیلِ حدیث سے) باجماعِ امت منسوخ ہے۔ محض جماع سے غسل واجب ہوجاتا ہے انزال ہو یا نہ ہو۔

دلیل:" لما في الصحيحين من حديث أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إذا جلس بين شعبها الأربع ثم جهدها فقد وجب الغسل أنزل أو لم ينزل وأما قوله عليه الصّلاة والسلام إنما الماء من الماء فمنسوخ بالإجماع وفي حاشية مسلم: ۱۱/۲۹۶ (۸/۸۱/۳۴۳) وقد عقب الإمام مسلم على هذا الحديث فروى بإسناده عن ابن الشخير قال: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم ينسخ حديثه بعضه بعضاً كما ينسخ القرآن بعضه بعضاً ۔ (شامی: ج۱، ص۲۹۹، ط۔ زکریا دیوبند، کتاب الطھارۃ)

اور امام نووی لکھتے ہیں" اعلم أنالأمة مجتمعة الآن على وجوب الغسل بالجماع وإن لم يكن معه إنزال " (مسلم شریف: ج۱، ص۱۵۵)

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ: "یہ حکم، غسل انزال کے بعد ہی واجب ہوتا ہے ابتدائے اسلام میں آسانی کی وجہ سے تھا، پھر اسے منع فرما دیا گیا، (یعنی یہ حکم منسوخ قرار دے دیا گیا)"۔ (جامع ترمذی ، سنن ابوداؤد، دارمی)[مشکوۃ شریف:جلد اول،رقم الحدیث ۴۲۱ (۳۶۸۲۰)-پاکی کا بیان : غسل کا بیان]

اصولِ حدیث: ناسخ و منسوخ احادیث کی پہچان کا طریقہ

ذكر مسلم رحمه الله تعالى - في هذا الباب الأحاديث الواردة بالوضوء مما مست النار ، ثم عقبها بالأحاديث الواردة بترك الوضوء مما مست النار ، فكأنه يشير إلى أن الوضوء منسوخ ، وهذه عادة مسلم وغيره من أئمة الحديث يذكرون الأحاديث التي يرونها منسوخة ، ثم يعقبونها بالناسخ۔[شرح مسلم للنووي: كتاب الحيض، باب الوضوء مما مست ۲/۱۷۹]

ترجمہ: امام مسلمؒ اس باب میں پہلے ان احادیث کو لائے ہیں جن میں آگ پر پکی ہوئی چیز کھانے سے وضو کرنے کا حکم ہے، پھر ان احادیث کو لائے ہیں جن میں آگ پر پکی ہوئی چیز کے کھانے سے وضو کرنے کے ترک (چھوڑدینے، وضو نہ کرنے) کا ذکر ہے، یہ عادت ہے امام مسلم اور ان کے علاوہ ائمہ حدیث (حدیث کے اماموں) کی کہ پہلے وہ ان احادیث کو لاتے ہیں، جن کو وہ منسوخ سمجھتے ہیں پھر ان کو (لاتے ہیں) جو ناسخ ہوتی ہیں۔ [شرح مسلم للنووی : ص ۱۵٦]

كتاب الحيض ١٧٩ باب الوضوء مما مست النار

[٢٣- باب الوضوء مما مست النار]

٧٨٧- (١) وَحَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ اللَّيْثِ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ جَدِّي. حَدَّثَنِي عُقَيْلُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ: قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: أَخْبَرَنِي عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ابْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، أَنَّ خَارِجَةَ بْنَ زَيْدٍ الأَنْصَارِيَّ أَخْبَرَهُ أَنَّ أَبَاهُ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ: "الْوُضُوءُ مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ".

٧٨٨- (٢) قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: أَخْبَرَنِي عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ إِبْرَاهِيمَ بْنِ قَارِظٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ وَجَدَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَتَوَضَّأُ عَلَى الْمَسْجِدِ. فَقَالَ: إِنَّمَا أَتَوَضَّأُ مِنْ أَثْوَارِ أَقِطٍ أَكَلْتُهَا؛ لأَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَقُولُ: "تَوَضَّؤُوا مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ".

٢٣- باب الوضوء مما مست النار

ذكر مسلم رحمه الله في هذا الباب الأحاديث الواردة بالوضوء مما مست النار، ثم عقبها بالأحاديث الواردة بترك الوضوء مما مست النار، فكأنه يشير إلى أن الوضوء منسوخ، وهذه عادة مسلم وغيره من أئمة الحديث، يذكرون الأحاديث التي يرونها منسوخة ثم يعقبونها بالناسخ. وقد اختلف العلماء في قوله ﷺ: "توضؤوا مما مست النار".

مذهب الجمهور عدم نقض الوضوء مما مست النار: فذهب جماهير العلماء من السلف والخلف إلى أنه لا ينتقض الوضوء بأكل ما مسته النار. ممن ذهب إليه أبو بكر الصديق رضي الله عنه، وعمر بن الخطاب، وعثمان بن عفان، وعلي ابن أبي طالب، وعبد الله بن مسعود، وأبو الدرداء، وابن عباس، وعبد الله بن عمر، وأنس بن مالك، وجابر بن سمرة، وزيد بن ثابت، وأبو موسى، وأبو هريرة، وأبي بن كعب، وأبو طلحة، وعامر بن ربيعة، وأبو أمامة، وعائشة رضي الله عنهم أجمعين، وهؤلاء كلهم صحابة. وذهب إليه جماهير التابعين وهو مذهب مالك، وأبي حنيفة، والشافعي، وأحمد، وإسحاق بن راهويه، ويحيى بن يحيى، وأبي ثور، وأبي خيثمة رحمهم الله.

وذهب طائفة إلى وجوب الوضوء الشرعي وضوء الصلاة بأكل ما مسته النار، وهو مروي عن عمر بن عبد العزيز، والحسن البصري، والزهري وأبي قلابة، وأبي مجلز، واحتج هؤلاء بحديث: "توضؤوا مما مسته النار" واحتج الجمهور بالأحاديث الواردة بترك الوضوء مما مسته النار. وقد ذكر مسلم هنا منها جملة، وباقيها في كتب أئمة الحديث المشهورة.

الجواب عن حديث الوضوء مما مست النار: وأجابوا عن حديث: "الوضوء مما مست النار" بجوابين: أحدهما: أنه منسوخ بحديث جابر رضي الله عنه قال: كان آخر الأمرين من رسول الله ﷺ ترك الوضوء مما مست النار، وهو حديث صحيح رواه أبو داود والنسائي وغيرهما من أهل السنن بأسانيدهم الصحيحة. والجواب الثاني: أن المراد= =بالوضوء غسل الفم والكفين، ثم إن هذا الخلاف الذي حكيناه كان في الصدر الأول، ثم أجمع العلماء بعد ذلك على أنه لا يجب الوضوء بأكل ما مسته النار، والله أعلم.

جن کتب میں صرف ایک قسم کی احادیث ہیں (مثلًا: صحیح بخاری) ان سے کسی کا ناسخ و منسوخ ہونا معلوم نہیں ہو گا، اس لئے ان کتب کو دیکھنا پڑے گا جن میں دونوں (منسوخ و ناسخ) قسم کی احادیث مروی ہوں۔ (مثلًا: موطا امام محمد، مصنف ابن ابی شیبہ، سنن ترمذی، سنن نسائی، سنن طحاوی وغیرہ) جن میں پہلے رفع یدین کرنے کی روایات لائی گئی ہیں پھر ترکِ رفع یدین کی روایات لائی گئی ہیں۔

مندرجہ بالا بیان کردہ قرآن کی آیت اور احادیث مبارکہ سے یہ بات واضح ہوگئی کہ بعض آیاتِ قرآنی نے بعض آیات کو منسوخ کردیا ، اسی طرح کتبِ احادیث میں موجود ایسی بہت سی احادیث ہیں جنھیں دوسری احادیث نے منسوخ کردیا۔ یہاں یہ بات بھی ثابت ہوگئی کہ احادیث مبارکہ میں اگر کسی عمل کے کرنے کا حکم آیا ہے اور کسی دوسری حدیث سے اس عمل کے نہ کرنے کی دلیل ملتی ہے تو اس کا مطلب بعد والے حکم نے پہلے دیئے گئے حکم کو منسوخ کردیا، کیونکہ جب تک کوئی عمل کیا نہ جائے تب تک اس کے کرنے سے روکنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ رفع یدین کرنے اور نہ کرنے کے معاملے میں بھی ہمیں اسی قسم کی احادیث ملتی ہیں جن میں بعض احادیث سے اس کے کرنے کی دلیل ملتی ہے اور بعض سے اس کے نہ کرنے کی بھی دلیل ملتی ہے اور اس کے کرنے سے منع کرنے کی بھی۔ اب میں آپ کے سامنے احادیث مبارکہ کی روشنی میں رفع الیدین کے نسخ کے دلائل پیش کرتا ہوں جن کی بناء پر احناف رفع الیدین کو مکروہ عمل کہتے ہیں۔

۱۔ قرآن مجید سے رفع الیدین کی منسوخیت کی پہلی دلیل

ارشاد باری تعالیٰ ہے: ”قَدْ أَفْلَحَ الْمُؤْمِنُونَ الَّذِينَ هُمْ فِي صَلَاتِهِمْ خَاشِعُونَ“۔ (سورۃ المومنون:۱،۲)

ترجمہ: تحقیق وہ ایمان والے کامیاب ہوگئے، جو اپنی نمازوں کو خشوع وخضوع سے ادا کرتے ہیں۔

اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے حضرت امام حسن بصریؒ تابعی بیان کرتے ہیں: ”خاشعون الذين لايرفعون ايديهم فی الصلوٰة الا فی التكبيرة الاولیٰ“۔ (تفسیر سمرقندی: ج۲، ص۴۰۸)

ترجمہ: خشوع وخضوع کرنے والے وہ لوگ ہیں جو نماز کی ابتداء میں صرف ایک بار رفع یدین کرتے ہیں۔

٤٠٨ سورة المؤمنون/الآيات ١ ـ ١١

﴿قد أفلح المؤمنون﴾ إلى عشر آيات[1] وروي عن كعب الأحبار قال: إن الله تعالى لما خلق الجنة قال لها: تكلمي فقالت (قد أفلح المؤمنون)[2] وروي عن غيره أنها قالت: أنا حرام على كل بخيل ومرائي وروي عن رسول الله ـ صلى الله عليه وسلم ـ نحو هذا وقوله قد أفلح المؤمنون أي: سعد وفاز ونجا المصدقون بإيمانهم ثم نعتهم ووصف أعمالهم فقال: ﴿الذين هم في صلاتهم خاشعون﴾ يعني: متواضعين وقال الزهري سكون المرء في صلاته لا يلتفت يميناً ولا شمالاً وقال الحسن البصري: أي: خائفون وروي عنه أنه قال خاشعون الذين لا يرفعون أيديهم في الصلاة إلا في التكبيرة الأولى وروي عن علي رضي الله عنه أنه قال الخشوع في الصلاة أن لا تلتفت في صلاتك يميناً ولا شمالاً وذكر عن النبي ـ صلى الله عليه وسلم ـ أنه كان إذا قام في الصلاة رفع بصره إلى السماء فلما نزلت هذه الآية رمى ببصره نحو مسجده وروي عن أبي هريرة أن النبي ـ صلى الله عليه وسلم ـ رأى رجلاً يعبث بلحيته في الصلاة فقال لو خشع قلبه لخشعت جوارحه ثم قال عز وجل[3] ﴿والذين هم عن اللغو معرضون﴾ يعني الحلف والباطل من الكلام تاركون قال قتادة كل كلام أو عمل لا يحتاج إليه فهو لغو يقال: الذين هم عن الشتم والأذى معرضون كقوله عز وجل (وإذا مروا باللغو مروا كراماً)[4] ثم قال ﴿والذين هم للزكاة فاعلون﴾ يعني: مؤدون ﴿والذين هم لفروجهم حافظون﴾ عن الفواحش وعن ما لا يحل لهم ثم استثنى فقال ﴿إلا على أزواجهم﴾ يعني على نسائهم الأربع وذكر عن الفراء أنه قال: على بمعنى من يعني إلا من نسائهم مثنى وثلاث ورباع ﴿أو ما ملكت أيمانهم﴾ يعني: الإماء ﴿فإنهم غير ملومين﴾ لا يلامون على الحلال ﴿فمن ابتغى وراء ذلك﴾ يعني: طلب بعد ذلك ما سوى نسائه وإمائه ﴿فأولئك هم العادون﴾ يعني المعتدين من الحلال إلى الحرام ويقال: وأولئك هم الظالمون الجائرون الذين تعمدوا الظلم ﴿والذين هم لأماناتهم وعهدهم راعون﴾ يعني: ما ائتمنوا عليه من أمر دينهم مما لا يطلع عليه أحد ومما يأتمن الناس بعضهم بعضاً (وعهدهم) يعني: وفاء بالعهد راعون يعني: حافظين وأصل الرعي في اللغة[5] القيام على إصلاح ما يتولاه قرأ ابن كثير والذين هم لأمانتهم بلفظ الوحدان وقرأ الباقون بلفظ الجمع[6] يعني: بيع الأمانات ثم قال عز وجل: ﴿والذين هم على صلاتهم يحافظون﴾ يعني على المواقيت

= بأمر النبي ـ صلى الله عليه وسلم ـ أن يغض عن سوء معاملتهم ويدفعها بالتي هي أحسن ويسأل المغفرة للمؤمنين وذلك هو الفلاح الذي ابتدئت به السورة. انظر التحرير ١٨/٦٠، ٧.

(١) أخرجه الترمذي ٣٠٥/٥ كتاب التفسير باب ومن سورة المؤمنين (٣١٧٣) وأحمد في المسند ٢٢٣. والحاكم في المستدرك ٥٣٥/١، ٣٩٣/٢ وصححه وأقره الذهبي وذكره السيوطي في الدر المنثور ٢/٥. والبغوي في تفسيره ٣٠١/٣ وفي سنده يونس بن سليم الصنعاني وهو مجهول ويونس بن يزيد الأيلي في روايته عن الزهري وهم قليل.

(٢) ذكره السيوطي في الموضع السابق وعزاه لعبد الرزاق وابن جرير.

(٣) ذكره السيوطي في الجامع الصغير عن حكيم عن أبي هريرة ورمز له بالضعف وقال المناوي في شرحه ٣١٩/٥ رواه الحكيم الترمذي في النوادر عن صالح بن محمد عن سليمان بن عمر عن ابن عجلان عن المقبري عن أبي هريرة قال رأى رسول الله ـ صلى الله عليه وسلم ـ رجلاً يعبث بلحيته في الصلاة فذكره قال العراقي في شرح الترمذي وسليمان بن عمر وهو أبو داود النخعي متفق على ضعفه وإنما يعرف هذا عن ابن المسيب وقال في المغني ضعيف والمعروف أنه من قول سعيد ورواه ابن أبي شيبة في مصنفه وفيه رجل لم يسم وقال ولده فيه سليمان بن عمر مجمع على ضعفه وقال الزيلعي بن عدي أجمعوا على أنه يضع الحديث.

(٤) سورة الفرقان: الآية ٧٢.

(٥) لسان العرب ١٦٧٦/٣.

(٦) وحجة من قرأ لأمانتهم، قوله تعالى: ﴿وعهدهم راعون﴾ ولم يقل (وعهودهم) وقال بعض النحويين: وجه الإفراد أنه مصدر واسم جنس فيقع على الكثرة وإن كان مفرداً في اللفظ ومن هذا قوله ﴿كذلك زينا لكل أمة عملهم﴾ فأفرد وحجة الباقين إجماع الجميع

تفسير السمرقندي
المسمى
بحر العلوم
لأبي الليث نصر بن محمد بن أحمد بن ابراهيم السمرقندي
المتوفى سنة ٣٧٥ هـ

تحقيق وتعليق
الشيخ علي محمد معوض — الشيخ عادل أحمد عبد الموجود
الدكتور زكريا عبد المجيد النوتي
كلية اللغة العربية - جامعة الأزهر

الجزء الثاني

دار الكتب العلمية
بيروت - لبنان

یعنی بار بار رفع یدین کرنا نماز میں خشوع وخضوع کے منافی ہے، اس لیئے صرف ایک بار شروع میں ہی رفع یدین کرنا چاہیئے۔اس کے بعد رکوع وسجود کے وقت رفع یدین کرنا درست نہیں سوائے تکبیر اولیٰ کے۔

اسی آیت کے بیان میں امام بیہقی علیہ الرحمۃ نماز میں خشوع و خضوع کا باب رقم کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

”جماع ابواب الخشوع فی الصلوٰۃ والاقبال علیہا: قال اللہ جل ثناؤہ،قد افلح المؤمنون الذین ہم فی صلوٰتہم خاشعون...عن جابر بن سمرۃ...قال دخل علینا رسول اللہا ونحن رافعی ایدینا فی الصلوٰۃ فقال مالی ارٰکم رافعی ایدیکم کانہا اذناب خیل شمس اسکنوا فی الصلوٰۃ“۔ (السنن الکبریٰ: ج۲، جماع ابواب الخشوع فی الصلوٰۃوالاقبال علیہا،ص۲۷۹،۲۸۰)

ترجمہ:”نماز میں خشوع وخضوع کرنے کا بیان۔اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: تحقیق وہ ایماندار فلاح پاگئے جو اپنی نمازیں خشوع وخضوع کے ساتھ ادا کرتے ہیں۔حضرت جابربن سمرۃ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ جناب رسول اللہ ﷺ ہماری طرف تشریف لائے۔ (ہم نماز پڑھ رہے تھے) فرمایا کیا وجہ ہے کہ میں تمہیں شمس قبیلے کے شریر گھوڑوں کی دموں کی طرح ہاتھ اٹھاتے ہوئے دیکھتا ہوں۔ نماز میں سکون سے رہا کرو“۔

السنن الكبرى

للإمام

أبي بكر أحمد بن الحسين بن علي البيهقي

المتوفى سنة ٤٥٨هـ

تحقيق

محمد عبد القادر عطا

الجزء الثاني

المحتوى

تتمة كتاب الصلاة

منشورات

محمد علي بيضون

دار الكتب العلمية

بيروت - لبنان

كتاب الصلاة / جماع أبواب الخشوع في الصلاة والإقبال عليها ——— ٣٩٧

[٣٦٥] - جماع أبواب الخشوع (١) في الصلاة والإقبال عليها

قال الله جل ثناؤه: ﴿قد أفلح المؤمنون الذين هم في صلاتهم خاشعون﴾.

٣٥٢٠ - أخبرنا أبو القاسم بن أبي هاشم العلوي، وأبو بكر بن الحسن القاضي، قالا: ثنا أبو جعفر بن دحيم، ثنا إبراهيم بن عبد الله، أنبأ وكيع، عن الأعمش، عن المسيب بن رافع، عن تميم بن طرفة، عن جابر بن سمرة قال: رآنا رسول الله ﷺ ونحن رافعي أيدينا في الصلاة فقال: «اسكنوا في الصلاة».

٣٥٢١ - وأخبرنا أبو عبد الله الحافظ، ثنا أحمد بن جعفر، ثنا عبد الله بن أحمد بن حنبل، حدثني أبي، ثنا وكيع فذكره بإسناده قال: دخل علينا رسول الله ﷺ ونحن رافعي أيدينا في الصلاة فقال: «مالي أراكم رافعي أيديكم كأنها أذناب خيل شمس اسكنوا في الصلاة».

رواه مسلم في الصحيح عن الأشج عن وكيع.

(١) في ب: «باب الخشوع...».

سورۃ المؤمنون کی تفسیر پر جلیل القدر تابعی حضرت حسن بصریؒ کا بیان اور امام بیہقیؒ کااسی آیت کی وضاحت میں حضرت جابر بن سمرۃؓ کی حدیث بیان کرنا رفع الیدین کی منسوخیت کی سب سے بڑی دلیل ہے۔

غیر مقلدین حضرات حضرت جابر بن سمرۃ رضی اللہ عنہ کی مندرجہ بالا حدیث پر احناف (دیوبند) کے جید علماء شیخ الہند جناب انور شاہ کشمیریؒ کی کتاب نیل الفرقدین، حضرت محمود الحسن دیوبندیؒ کی کتاب تقاریر شیخ الہنداور حضرت مفتی تقی عثمانی صاحب دامت برکاتہم کی کتاب درس ترمذی کے حوالے پیش کرتے ہوئے یہ بات نقل کرتے ہیں کہ ”حضرت جابربن سمرۃ رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث رفع عندالسلام ہی سے متعلق ہے“۔

غیر مقلدین حضرات کی یہ بات بالکل غلط اور جھوٹ پر مبنی ہے کیونکہ صحیح مسلم میں حضرت جابربن سمرۃ رضی اللہ عنہ سے اس باب میں دو احادیث رقم ہیں، ایک حدیث میں سلام کے رفع یدین کا ذکر ہے جبکہ دوسری حدیث میں سلام کا کوئی ذکر نہیں، لہٰذا شیخ الہندجناب انور شاہ کشمیریؒ، حضرت محمود الحسن دیوبندیؒ اور حضرت مفتی تقی عثمانی صاحب دامت برکاتہم کے اقوال اس حدیث کے بارے میں ہیں جس میں سلام کا ذکر ہے، دوسری حدیث کے بارے میں نہیں جس کو امام بیہقیؒ نے سورۃ المؤمنوں کی تفسیر میں بیان کیا ہے۔ دونوں احادیث کی سنداور متن ملاحظہ فرمائیں۔

۱۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالاَ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ تَمِيمِ بْنِ طَرَفَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ "مَا لِي أَرَاكُمْ رَافِعِي أَيْدِيكُمْ كَأَنَّهَا أَذْنَابُ خَيْلٍ شُمْسٍ اسْكُنُوا فِي الصَّلاَةِ"۔ قَالَ ثُمَّ خَرَجَ عَلَيْنَا فَرَآنَا حَلَقًا فَقَالَ" مَا لِي أَرَاكُمْ عِزِينَ"۔ قَالَ ثُمَّ خَرَجَ عَلَيْنَا فَقَالَ "أَلاَ تَصُفُّونَ كَمَا تَصُفُّ الْمَلاَئِكَةُ عِنْدَ رَبِّهَا"۔ فَقُلْنَا يَا رَسُولَ اللَّهِ وَكَيْفَ تَصُفُّ الْمَلاَئِكَةُ عِنْدَ رَبِّهَا قَالَ "يُتِمُّونَ الصُّفُوفَ الأُوَلَ وَيَتَرَاصُّونَ فِي الصَّفِّ"۔ ”حضرت جابر بن سمرۃ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ جناب رسول اللہ ﷺ ہماری طرف تشریف لائے۔ (ہم نماز پڑھ رہے تھے) فرمایا کیا وجہ ہے کہ میں تمہیں شمس قبیلے کے شریر گھوڑوں کی دموں کی طرح ہاتھ اٹھاتے ہوئے دیکھتا ہوں۔ نماز میں سکون سے رہا کرو“۔ (صحیح مسلم، جلد نمبر ۲، کتاب الصلاۃ، باب الأَمْرِ بِالسُّكُونِ فِي الصَّلاَةِ، رقم الحدیث ۹۶۸)

۲۔ وَحَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّاءَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى، عَنْ إِسْرَائِيلَ، عَنْ فُرَاتٍ، يَعْنِي الْقَزَّازَ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم فَكُنَّا إِذَا سَلَّمْنَا قُلْنَا بِأَيْدِينَا السَّلاَمُ عَلَيْكُمُ السَّلاَمُ عَلَيْكُمْ فَنَظَرَ إِلَيْنَا رَسُولُ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ "مَا شَأْنُكُمْ تُشِيرُونَ بِأَيْدِيكُمْ كَأَنَّهَا أَذْنَابُ خَيْلٍ شُمُسٍ إِذَا سَلَّمَ أَحَدُكُمْ فَلْيَلْتَفِتْ إِلَى صَاحِبِهِ وَلاَ يُومِئْ بِيَدِهِ"۔ ”حضرت جابر بن سمرۃ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جب ہم نماز پڑھتے تو نماز کے ختم پر دائیں بائیں السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہتے ہوئے ہاتھ سے اشارہ بھی کرتے تھے۔ یہ ملاحضہ فرماکر جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا تم لوگ اپنے ہاتھ سے اس طرح اشارہ کرتے ہو جیسے شریر گھوڑوں کی دمیں ہلتی ہیں۔ تمہیں یہی کافی ہے کہ تم قعدہ میں اپنی رانوں پر ہاتھ رکھے ہوئے دائیں اور بائیں منہ موڑ کر السلام علیکم و رحمۃ اللہ کہاکرو“۔(صحیح مسلم، جلد نمبر ۲، کتاب الصلاۃ، باب عَنِ الإِشَارَةِ بِالْيَدِ وَرَفْعِهَا عِنْدَ السَّلاَمِ وَإِتْمَامِ الصُّفُوفِ الأُوَلِ وَالتَّرَاصِّ فِيهَا وَالأَمْرِ بِالاِجْتِمَاعِ، رقم الحدیث ۹۷۰)

بَاب الْأَمْرِ بِالسُّكُونِ فِي الصَّلَاةِ وَالنَّهْيِ عَنْ الْإِشَارَةِ بِالْيَدِ وَرَفْعِهَا عِنْدَ السَّلَامِ وَإِتْمَامِ الصُّفُوفِ الْأُوَلِ وَالتَّرَاصِّ فِيهَا وَالْأَمْرِ بِالِاجْتِمَاعِ

باب: نماز میں بیجا حرکت' سلام کے لیے ہاتھ اٹھانے کی ممانعت نیز اگلی صف پوری کرنے اور باہم مل کر کھڑے ہونے کے احکام

۹۶۸- عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللَّهِ ﷺ فَقَالَ ((مَا لِي أَرَاكُمْ رَافِعِي أَيْدِيكُمْ كَأَنَّهَا أَذْنَابُ خَيْلٍ شُمْسٍ اسْكُنُوا فِي الصَّلَاةِ)) قَالَ ثُمَّ خَرَجَ عَلَيْنَا فَرَآنَا حَلَقًا فَقَالَ ((مَالِي أَرَاكُمْ عِزِينَ)) قَالَ ثُمَّ خَرَجَ عَلَيْنَا فَقَالَ ((أَلَا تَصُفُّونَ كَمَا تَصُفُّ الْمَلَائِكَةُ عِنْدَ رَبِّهَا)) فَقُلْنَا يَا رَسُولَ اللَّهِ وَكَيْفَ تَصُفُّ الْمَلَائِكَةُ عِنْدَ رَبِّهَا قَالَ ((يُتِمُّونَ الصُّفُوفَ الْأُوَلَ وَيَتَرَاصُّونَ فِي الصَّفِّ)).

۹۶۸- حضرت جابرؓ بیان ہے کہ رسول اکرمؐ ہمارے پاس تشریف لائے اور فرمایا میں تم کو اس طرح ہاتھ اٹھاتے دیکھ رہا ہوں گویا وہ شریر گھوڑوں کی دم ہیں تم لوگ نماز میں حرکت نہ کیا کرو۔ پھر ایک مرتبہ آپ نے ہم کو حلقہ باندھے دیکھ فرمایا تم لوگ الگ الگ کیوں ہو؟ پھر ایک مرتبہ آپؐ نے فرمایا تم لوگ اس طرح صف باندھا کرو جس طرح بارگاہ الٰہی میں فرشتے صف بستہ رہتے ہیں۔ تم لوگ سب سے پہلے اگلی صف پوری کیا کرو اور صف میں مل کر کھڑے ہوا کرو۔

صحیح مسلم شریف (جلد دوم) نماز کے مسائل

بَاب الْأَمْرِ بِالسُّكُونِ فِي الصَّلَاةِ وَالنَّهْيِ عَنْ الْإِشَارَةِ بِالْيَدِ وَرَفْعِهَا عِنْدَ السَّلَامِ وَإِتْمَامِ الصُّفُوفِ الْأُوَلِ وَالتَّرَاصِّ فِيهَا وَالْأَمْرِ بِالِاجْتِمَاعِ

باب: نماز میں بیجا حرکت' سلام کے لیے ہاتھ اٹھانے کی ممانعت نیز اگلی صف پوری کرنے اور باہم مل کر کھڑے ہونے کے احکام

۹۷۰- عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كُنَّا إِذَا صَلَّيْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ ﷺ قُلْنَا السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللَّهِ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللَّهِ وَأَشَارَ بِيَدِهِ إِلَى الْجَانِبَيْنِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ ((عَلَامَ تُومِئُونَ بِأَيْدِيكُمْ كَأَنَّهَا أَذْنَابُ خَيْلٍ شُمْسٍ إِنَّمَا يَكْفِي أَحَدَكُمْ أَنْ يَضَعَ يَدَهُ عَلَى فَخِذِهِ ثُمَّ يُسَلِّمُ عَلَى أَخِيهِ مَنْ عَلَى يَمِينِهِ وَشِمَالِهِ)).

۹۷۰- حضرت جابر بن سمرہؓ کا بیان ہے کہ رسول اکرمؐ کے ساتھ جب ہم لوگ نماز پڑھتے تو نماز کے ختم پر دائیں بائیں السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہتے ہوئے ہاتھ سے اشارہ بھی کرتے تھے۔ یہ ملاحظہ فرما کر حضورؐ نے ارشاد فرمایا تم لوگ اپنے ہاتھ سے اس طرح اشارہ کرتے ہو جیسے شریر گھوڑوں کی دمیں ہلتی ہیں۔ تمہیں یہی کافی ہے کہ تم قعدہ میں اپنی رانوں پر ہاتھ رکھے ہوئے دائیں اور بائیں منہ موڑ کر السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہا کرو۔

۹۷۱- عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكُنَّا إِذَا سَلَّمْنَا قُلْنَا بِأَيْدِينَا السَّلَامُ عَلَيْكُمْ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ فَنَظَرَ إِلَيْنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ ((مَا شَأْنُكُمْ تُشِيرُونَ بِأَيْدِيكُمْ كَأَنَّهَا أَذْنَابُ خَيْلٍ شُمْسٍ إِذَا سَلَّمَ أَحَدُكُمْ فَلْيَلْتَفِتْ إِلَى صَاحِبِهِ وَلَا يُومِئْ بِيَدِهِ)).

۹۷۱- حضرت جابر بن سمرہؓ کا بیان ہے ہم لوگ رسالت مآبؐ کے ساتھ نماز پڑھتے تو ختم نماز پر السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہتے ہوئے ہاتھ سے اشارہ بھی کرتے تھے۔ یہ دیکھ کر رحمت دو عالمؐ نے فرمایا تمہیں یہ کیا ہو گیا ہے؟ تم اپنے ہاتھ سے اس طرح اشارہ کرتے ہو گویا وہ شریر گھوڑوں کی دمیں ہیں۔ تم میں سے جب کوئی نماز ختم کرے تو اپنے بھائی کی جانب منہ کر کے صرف زبان سے السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہے اور ہاتھ سے اشارہ نہ کرے۔

چونکہ دونوں احادیث میں ”كَأَنَّهَا أَذْنَابُ خَيْلٍ شُمْسٍ“ کا فقرہ آ گیا ہے جس کی وجہ سے حضرات کا ذہن اس طرف منتقل ہو گیا ہے کہ یہ دونوں احادیث ایک ہی واقع سے متعلق ہیں، لیکن جو شخص ان دو حدیثوں کے سیاق و سباق پر غور کرے گا تو اسے یقیناً یہ سمجھنے میں دشواری نہیں ہوگی کہ یہ دونوں احادیث الگ الگ واقعہ سے متعلق ہیں اور ان دونوں کا مضمون ایک دوسرے سے بالکل مختلف ہے۔ دونوں احادیث کی سند اور متن میں زمین و آسمان کا فرق ہے، لہٰذا ان دونوں احادیث کو ایک کہنا اور دونوں احادیث سے ایک ہی مسئلہ اخذ کرنا عقل سے بالاتر ہے۔ دونوں احادیث میں فرق ملاحضہ فرمائیں:

۱۔ پہلی حدیث میں ہے کہ ہم اپنی نماز میں مشغول تھے کہ رسول اللہ ﷺ تشریف لائے اور دوسری حدیث میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جب ہم نماز پڑھتے۔

۲۔ پہلی حدیث میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کرامؓ کو نماز میں رفع یدین کرتے دیکھا اور اس پر نکیر فرمائی اور دوسری حدیث میں ہے کہ صحابہ کرامؓ سلام پھیرتے وقت دائیں بائیں ہاتھ اٹھا کر اشارہ کرتے تھے جس پر رسول اللہ ﷺ نے نکیر فرمائی۔

۳۔ پہلی حدیث میں آپ ﷺ نے نماز میں سکون اختیار کرنے کا حکم فرمایا اور دوسری حدیث میں آپ ﷺ نے دائیں بائیں ہاتھ اٹھاکر اشارہ کرنے سے منع فرمایا۔

۴۔ دونوں احادیث الگ الگ سندوں سے مذکور ہیں۔ اس لئے دونوں حدیثوں کو جن کا الگ الگ مخرج ہے۔ الگ الگ واقعہ ہے۔ الگ الگ حکم ہے، ایک ہی واقعہ سے متعلق کہہ کر دل کو تسلی دینا کسی بھی لحاظ سے صحیح نہیں ہے۔

مزید اس حدیث مبارکہ پر جو یہ اشکال کیا جاتا ہے کہ اس حدیث کے بارے میں محدثین کی رائے یہ ہے کہ یہ حدیث تشہد کے بارے ہے۔یہ اشکال بالکل غلط ہے،کیونکہ کسی محدث کا کسی حدیث کو کسی باب کے تحت نقل کرنا، یہ محدث کی اپنی ذاتی رائے اور تحقیق ہے۔جس سے اختلاف کیا جاسکتا ہے۔اس کا یہ معنیٰ نہیں ہوتا کہ اس حدیث کا وہی مطلب نکلتا ہے جو وہ محدث بیان کررہا ہے،بعض مرتبہ ایک محدث کسی روایت کو ایک باب کے تحت نقل کرتا ہے اور دوسرا محدث اسی حدیث کو کسی دوسرے عنوان کے تحت لکھتا ہے یہ بات علم حدیث کے ایک عام طالب علم سے بھی پوشیدہ نہیں ہے۔ یہی بات حدیث مذکورہ کے متعلق بھی ہے۔ کیونکہ اس حدیث (جابر بن سمرۃ رضی اللہ عنہ والی روایت) کو اگر بعض محدثین نے تشہد وغیرہ کے باب میں نقل کیا ہے توکیا ہوا کئی دوسرے محدثین نے اسے خشوع وخضوع، نماز میں سکون اور حرکت نہ کرنے کے عنوان کے تحت بھی نقل کیا ہے اور اسے رفع یدین نہ کرنے کی بھی دلیل بنایا ہے۔مثلاً:

ا۔ امام بخاریؒ ومسلمؒ کے استاذ امام ابن ابی شیبہؒ نے اسے "من کرہ رفع الیدین فی الدعا" کے تحت لکھا ہے۔(مصنف ابن ابی شیبہ: ج۲،ص۴۷۰،طبع ملتان)

۲۔ امام سراجؒ نے اسے "باب فی السکون فی الصلوٰۃ" میں نقل کیا ہے۔(مسند سراج :ص ۲۴۲،۲۴۳)

۳۔ امام بیہقیؒ نے اسے "جماع ابواب الخشوع فی الصلوٰۃ والاقبال علیہا" کے تحت "باب الخشوع فی الصلوٰۃ" میں درج کیا ہے۔ (سنن کبریٰ :ج۲،ص۲۷۹)

۴۔ امام ابوعوانہؒ نے اسے"بیان النہی عن الاختصار فی الصلوٰۃ وایجاب الانتصاب والسکون فی الصلوٰۃ الا لصاحب العذر"کے تحت لکھا ہے۔ (مسند ابی عوانہ:ج۲،ص۸۵)

۵۔ غیر مقلد عالم امام شوکانیؒ نے اسے رفع یدین نہ کرنے کی روایات میں نقل کیا ہے۔ (نیل الاوطار :ج۲، ص۱۸۴،باب رفع الیدین وبیان صفتہ ومواضعہ)

۶۔ امام بخاریؒ کی طرف منسوب کتاب"جزء رفع الیدین"سے ثابت ہے کہ اسے "رفع یدین" نہ کرنے کی دلیل اس دور میں بھی بنایا گیا تھا۔ (ملاحظہ ہو: ص۳۲،طبع گرجاکھی کتب خانہ گوجرانوالہ)

۷۔ ابن حجر عسقلانیؒ نے بھی اس روایت کو رفع یدین نہ کرنے کی روایات میں ذکر کرکے اس چیز کو تسلیم کیا ہے کہ ان کے زمانے یا اس سے بھی قبل کے لوگوں نے اس روایت سے رفع یدین نہ کرنا مراد لیا ہے۔(تلخیص الحبیر: ج۱،ص۲۲۱)

۸۔ علامہ نوویؒ کے عمل سے بھی یہ بات ظاہر ہے۔(ملاحظہ ہو: المجموع شرح المہذب ،ج۳،ص؛ السندھی علی النسائی ج۱،ص۱۷۶)

۹۔ امام ابن حبانؒ نے اس حدیث کو "ذکر مایستحب للمصلی رفع الیدین عند قیامہ من الرکعتین من صلوٰ تہ "میں درج کیا ہے۔ (صحیح ابن حبان :ج۴ ،ص۱۷۸)

اگر بالفرض دونوں مواقعوں کی احادیث کو ایک تسلیم کرلیا جائے تب بھی سلام کے وقت کے رفع یدین پر دیگر مواقع کے رفع یدین کو قیاس کیا جاسکتا ہے، کیونکہ جب سلام کے وقت رفع یدین نماز کے مُنافی ہے اور سکون کو ختم کرنے والا ہے تو دوسرے مواقع میں رفع دیدین کا حال بھی یہی ہوگا، لہٰذا سب کا ایک ہی حکم ہوگا، اس لئے یہ روایت علاوہ دیگر قرائن کے نسخ کی واضح دلیل ہے۔

غیر مقلدین حضرات کے اشکالات کے جوابات

پہلا اشکال: غیر مقلدین حضرات حضرت جابر بن سمرۃ رضی اللہ عنہ کی حدیث سے رفع یدین کی منسوخیت کے ثبوت پر یہ اشکال پیش کرتے ہیں کہ، "اس حدیث کے حکم سے تو دیگر مقامات کے رفع یدین سمیت تکبیر اولیٰ کا رفع یدین بھی منسوخ ہوجاتا ہے کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے نماز میں سکون سے رہنے کا حکم دیا ہے اور رفع یدین کرنے سے منع فرمایا ہے، تو پھر حنفی حضرات تکبیر اولیٰ کا رفع یدین کیوں کرتے ہیں"؟

جواب: تمام غیر مقلدین حضرات سے گزارش ہے کہ وہ حدیث کے الفاظ پر غور فرمائیں۔رسول اللہ ﷺ نے حکم فرمایا کہ "نماز میں سکون سے رہا کرو"یعنی نماز کے اندر سکون سے رہنے کا حکم ہے جبکہ جس وقت نمازی تکبیر اولیٰ کہتے ہوئے رفع یدین کر رہا ہوتا ہے اس وقت وہ نماز میں داخل ہی نہیں ہوا ہوتا۔ جب تک کہ نمازی اللہ اکبر کا حرف 'ر' زبان سے ادا نہیں کرلیتا، تب تک وہ نماز میں داخل نہیں ہوتا اور تب تک اس پر دیگر حلال اشیاء حرام نہیں ہوتی۔یہی وجہ ہے کہ تکبیر اولیٰ کا رفع یدین اس حکم میں داخل نہیں کیونکہ وہ نماز کے اندر والے رفع یدین میں نہیں بلکہ نماز کے باہر والے رفع یدین میں آتا ہے۔اس کی دلیل ہمیں ذیل میں پیش کردہ حدیث سے ملتی ہے۔

"حدثنا عثمان بن ابی شیبۃ ثنا وکیع عن سفیان عن ابی عقیل عن علی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مفتاح الصلوۃ اطہور و تحریمھا التکبیرو تحلیلھا التسلیم"۔حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "نماز کی کلید صرف وضو ہے اور اس کا تحریمہ صرف اللہ اکبر کہنا ہے اور نماز سے صرف السلام علیکم و رحمۃ اللہ ہی سے نکلا جاسکتا ہے"۔(ابوداوٗد: جلد ا، صفحہ۲۷۹، حدیث۶۱۴، باب فی تحریم الصلوۃ و تحلیلھا) (ابن ماجہ: جلد ا، صفحہ ۱۸۱، باب فی مفتاح الصلوۃ الطھور) (صحیح الترمذی: جلد ا،صفحہ ۱۸۰، باب ماجاء فی تحریم الصلاۃ و تحلیلھا)

دوسرا اشکال: غیر مقلدین حضرات حضرت جابر بن سمرۃ رضی اللہ عنہ کی حدیث سے رفع یدین کی منسوخیت کے ثبوت پر یہ اشکال بھی کرتے ہیں،"کہ اس حدیث کے حکم سے تو نمازِ عیدین میں کہی جانے والی (۶) زائد تکبیرات کے رفع یدین اور نمازِ وتر میں دعاءِ قنوت سے پہلے کیا جانے والا رفع یدین بھی منسوخ ہوجاتا ہے تو پھر حنفی حضرات ان نمازوں میں رفع یدین کیوں کرتے ہیں؟"۔

جواب: میری اس بات سے تو تمام غیر مقلدین حضرات بھی اتفاق کریں گے کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث نمازِ پنجگانہ کے بارے میں ہے کسی خاص نماز (یعنی نمازِ عیدین یا نمازِ وتر) کے بارے میں نہیں۔یہی وجہ ہے کہ تمام محدثین نے اس حدیث کو باب الصلاۃ میں رقم کیا ہے باب الصلاۃ العیدین یا باب الصلاۃ الوتر میں نہیں۔لہٰذا یہ بات واضح ہوگئی کہ رسول اکرم ﷺ نے یہ حکم نمازِ پیجگانہ (یعنی پانچ فرض نمازوں کے ساتھ پڑھی جانی والی نمازوں) کے بارے میں ہے کسی خاص نماز (یعنی نمازِ عیدین یا نمازِ وتر) کے بارے میں نہیں۔

دوسری بات یہ کہ احناف نماز میں جن مواقعوں (یعنی رکوع میں جاتے وقت، رکوع سے اٹھتے وقت، سجدے میں جاتے اوراٹھتے وقت، دونوں سجدوں کے درمیان، دوسری رکعت کے شروع میں، تیسری رکعت کے شروع میں اور سلام پھیرتے وقت) کے رفع یدین کو منسوخ مانتے ہیں ان تمام مواقعوں پر رسول اللہ ﷺ سے رفع یدین کرنا بھی ثابت ہے اورنہ کرنا بھی ثابت ہے جبکہ اس کے برعکس نمازِ عیدین اور نمازِ وتر میں جن مواقعوں پر احناف رفع یدین کرتے ہیں ان مواقعوں پر رسول اللہ ﷺ سے رفع یدین کرنے کی دلیل تو ملتی ہے لیکن نہ کرنے کی نہیں ملتی۔ اسی لئے ہم (احناف) ان مواقعوں پر رفع یدین کرتے ہیں۔

تیسری بات یہ کہ نمازِ عیدین میں نہ اذان دی جاتی ہے اور نہ اقامت (تکبیر) کہی جاتی ہے اوراس کے پڑھنے کا طریقہ بھی عام نمازوں سے مختلف ہے لہٰذا اس کو نمازِ پنجگانہ سے مشابہت دینااوراس کے حکم کا اطلاق کرنا عقل سے بالاتر ہے۔

چوتھی بات یہ کہ ہم (احناف) نمازِ عیدین اور نمازِوتر میں جن مقامات پر رفع یدین کرنے کے قائل ہیں وہ نمازِ پنجگانہ میں کیئے جانے والے رفع یدین کے مقامات سے بالکل الگ ہیں۔ لہٰذااگر ہم نمازِ عیدین اور نمازِوتر میں ان مقامات پر رفع یدین کے قائل ہوتے جن مقامات پر منسوخ سمجھتے ہیں تو اعتراض کی صورت بنتی تھی لیکن جب ہم ان نمازوں میں بھی ان مقامات پر رفع یدین کے قائل نہیں تو پھر اعتراض کس بات کا؟

غیر مقلدین حضرات کے اس اشکال پر ہمارا بھی حق بنتاہے کہ ہم بھی کچھ اشکال پیش کریں۔غیر مقلدین حضرات جو وتر کی تیسری رکعت میں بعدازرکوع رفع یدین کرنے کے بجائے عام دعاکی طرح ہاتھ اٹھاکردعائے قنوت پڑھتے ہیں، کیا اس عمل کے بارے میں زبیر علی زئی صاحب یا کسی غیر مقلد کے پاس کوئی ایک صحیح صریح مرفوع حدیث ہے؟ اگرہے تو ذراپیش فرمائیں ورنہ اس قسم کے سطحی اعتراضات سے گریز فرمائیں۔

دعاءِ قنوت میں رفع یدین کرنا صحابہ وتابعین رضی اللہ عنہم سے ثابت ہے، فتاویٰ علمائے حدیث

دعاء قنوت میں رفع یدین کرنا صحابہ و تابعین رضی اللہ عنہم سے ثابت ہے چنانچہ اسود سے روایت ہے کہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ دعائے قنوت میں سینہ تک اپنے دونوں ہاتھ اُٹھاتے تھے اور ابوعثمان نہدی سے روایت ہے کہ عمر رضی اللہ عنہ صبح کی نماز میں ہمارے ساتھ دعاء قنوت پڑھتے اور اپنے دونوں ہاتھ اُٹھاتے یہاں تک کہ آپ کے دونوں بازو ظاہر ہو جاتے اور خلاص سے روایت ہے کہ میں نےعبداللہ بن عباس کو دیکھا کہ نماز فجر کی دعاء قنوت میں اپنے بازو آسمان کی طرف لمبے کرتے اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ماہِ رمضان میں دعاء قنوت کے وقت اپنے دونوں ہاتھ اُٹھاتے اور ابو قلابہ اور مکحول بھی رمضان شریف کے قنوت میں اپنے ہاتھوں کواٹھاتے اورابراہیم سے قنوت وتر سے مروی ہے کہ وہ قرأۃ سے فارغ ہوکر تکبیر کہتے اور ہاتھ اٹھاتے پھر دعائے قنوت پڑھتے پھر تکبیر کہہ کر رکوع کرتے اور روایت ہےوکیع سے وہ روایت کرتا ہے محل سے وہ ابراہیم سے کہ ابراہیم نے محل کو کہا کہ قنوت وتر میں یوں کہا کرو اور وکیع نے اپنے دونوں ہاتھ کانوں کے قریب تک اٹھا کربتلایااور کہا کہ پھر چھوڑ دیوے ہاتھ اپنے عمر بن عبدالعزیز نے نماز صبح میں دعاء قنوت کے لیے اپنے دونوں ہاتھ اٹھائے اور سفیان سے روایت ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اس بات کو دوست رکھتے تھے کہ وتر کی تیسری رکعت میں قل ھو اللہ احد پڑھ کر پھر تکبیر کہے اوردونوں ہاتھ اٹھاوے پھر دعائے قنوت پڑھے امام احمد رحمہ اللہ سے پوچھاگیا کہ قنوت میں اپنے دونوں ہاتھ اٹھاوے کہا ہاں مجھے یہ پسند آتا ہے۔ ابوداؤدنے کہا کہ میں نے امام احمد رحمہ اللہ کو اپنے دونوں ہاتھ اٹھاتے ہوئے دیکھا اسی طرح شیخ احمد بن علی المقریزے کی کتاب مختصر قیام اللیل میں ہے اور ابو مسعود اورابوہریرہ اور انس رضی اللہ عنہم سے بھی ان قاریوں کے بارے میں جو معونہ کے کنوئیں میں مارے گئے قنوت وتر میں دونوں ہاتھوں کااٹھانا مروی ہے۔ انس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ تحقیق میں نے رسول اللہ ﷺ کو ان لوگوں پر جنہوں نے قاریوں کو قتل کیا تھاہاتھ اٹھا کر بد دعاء کرتے ہوئے دیکھا ہے۔ ایسے ہی بیہقی کی کتاب مسمیٰ معرفت میں ہے۔
حررہ عبدالجبار العزنوی عفی عنہ (فتاویٰ غزنویہ: ص ۵۱)(فتاویٰ علمائے حدیث : جلد ۴ ،ص ۲۸۳)

۲۔ سلام پھیرتے وقت رفع الیدین کی منسوخیت کی دوسری دلیل

وَحَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّاءَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى، عَنْ إِسْرَائِيلَ، عَنْ فُرَاتٍ، يَعْنِي الْقَزَّازَ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم فَكُنَّا إِذَا سَلَّمْنَا قُلْنَا بِأَيْدِينَا السَّلاَمُ عَلَيْكُمْ السَّلاَمُ عَلَيْكُمْ فَنَظَرَ إِلَيْنَا رَسُولُ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ "مَا شَأْنُكُمْ تُشِيرُونَ بِأَيْدِيكُمْ كَأَنَّهَا أَذْنَابُ خَيْلٍ شُمُسٍ إِذَا سَلَّمَ أَحَدُكُمْ فَلْيَلْتَفِتْ إِلَى صَاحِبِهِ وَلاَ يُومِئْ بِيَدِهِ"۔ ”حضرت جابر بن سمرۃ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جب ہم نماز پڑھتے تو نماز کے ختم پر دائیں بائیں السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہتے ہوئے ہاتھ سے اشارہ بھی کرتے تھے۔ یہ ملاحضہ فرماکر جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا تم لوگ اپنے ہاتھ سے اس طرح اشارہ کرتے ہو جیسے شریر گھوڑوں کی دمیں ہلتی ہیں۔ تمہیں یہی کافی ہے کہ تم قعدہ میں اپنی رانوں پر ہاتھ رکھے ہوئے دائیں اور بائیں منہ موڑ کر السلام علیکم و رحمۃ اللہ کہا کرو“۔(صحیح مسلم، جلد نمبر ۲، کتاب الصلاۃ، باب عَنِ الإِشَارَةِ بِالْيَدِ وَرَفْعِهَا عِنْدَ السَّلاَمِ وَإِتْمَامِ الصُّفُوفِ الأُوَلِ وَالتَّرَاصِّ فِيهَا وَالأَمْرِ بِالاِجْتِمَاعِ، رقم الحدیث ۹۷۰)

صحیح مسلم شریف (جلد دوم) — نماز کے مسائل

بَاب الْأَمْرِ بِالسُّكُونِ فِي الصَّلَاةِ وَالنَّهْيِ عَنْ الْإِشَارَةِ بِالْيَدِ وَرَفْعِهَا عِنْدَ السَّلَامِ وَإِتْمَامِ الصُّفُوفِ الْأُوَلِ وَالتَّرَاصِّ فِيهَا وَالْأَمْرِ بِالِاجْتِمَاعِ

باب: نماز میں بیجا حرکت' سلام کے لیے ہاتھ اٹھانے کی ممانعت نیز اگلی صف پوری کرنے اور باہم مل کر کھڑے ہونے کے احکام

۹۷۰- عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كُنَّا إِذَا صَلَّيْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ ﷺ قُلْنَا السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللَّهِ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللَّهِ وَأَشَارَ بِيَدِهِ إِلَى الْجَانِبَيْنِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ ((عَلَامَ تُومِئُونَ بِأَيْدِيكُمْ كَأَنَّهَا أَذْنَابُ خَيْلٍ شُمْسٍ إِنَّمَا يَكْفِي أَحَدَكُمْ أَنْ يَضَعَ يَدَهُ عَلَى فَخِذِهِ ثُمَّ يُسَلِّمُ عَلَى أَخِيهِ مَنْ عَلَى يَمِينِهِ وَشِمَالِهِ)).

۹۷۰- حضرت جابر بن سمرہؓ کا بیان ہے کہ رسول اکرمؐ کے ساتھ جب ہم لوگ نماز پڑھتے تو نماز کے ختم پر دائیں بائیں السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہتے ہوئے ہاتھ سے اشارہ بھی کرتے تھے۔ یہ ملاحظہ فرماکر حضورؐ نے ارشاد فرمایا تم لوگ اپنے ہاتھ سے اس طرح اشارہ کرتے ہو جیسے شریر گھوڑوں کی دمیں ہلتی ہیں۔ تمہیں یہی کافی ہے کہ تم قعدہ میں اپنی رانوں پر ہاتھ رکھے ہوئے دائیں اور بائیں منہ موڑ کر السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہا کرو۔

۹۷۱- عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكُنَّا إِذَا سَلَّمْنَا قُلْنَا بِأَيْدِينَا السَّلَامُ عَلَيْكُمْ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ فَنَظَرَ إِلَيْنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ ((مَا شَأْنُكُمْ تُشِيرُونَ بِأَيْدِيكُمْ كَأَنَّهَا أَذْنَابُ خَيْلٍ شُمْسٍ إِذَا سَلَّمَ أَحَدُكُمْ فَلْيَلْتَفِتْ إِلَى صَاحِبِهِ وَلَا يُومِئْ بِيَدِهِ)).

۹۷۱- حضرت جابر بن سمرہؓ کا بیان ہے ہم لوگ رسالت مآبؐ کے ساتھ نماز پڑھتے تو ختم نماز پر السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہتے ہوئے ہاتھ سے اشارہ بھی کرتے تھے۔ یہ دیکھ کر رحمت دو عالمؐ نے فرمایا تمہیں یہ کیا ہو گیا ہے؟ تم اپنے ہاتھ سے اس طرح اشارہ کرتے ہو گویا وہ شریر گھوڑوں کی دمیں ہیں۔ تم میں سے جب کوئی نماز ختم کرے تو اپنے بھائی کی جانب منہ کر کے صرف زبان سے السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہے اور ہاتھ سے اشارہ نہ کرے۔

احادیث مبارکہ کا جائزہ لینے سے یہ بات صراحۃً معلوم ہوتی ہے کہ اسلام کے ابتدائی دور میں نماز میں بہت سی چیزیں جائز تھیں جو بعد میں ختم کردی گئیں۔ جیسا کہ صحیح مسلم کی روایت میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے نماز میں تطبیق کا عمل (یعنی رکوع میں دونوں رانوں کے درمیان

ہاتھ جوڑ کر رکھنا) ثابت ہے جس کو تمام صحابہؓ سمیت پوری امت نے اجماعی طور پر منسوخ تسلیم کیا۔ اسی طرح ابو داؤد میں حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کی روایت ہے جس میں نماز میں تین تغیرات کا ذکر ملتا ہے، ان میں سے ایک یہ ہے کہ پہلے مسبوق (یعنی مقتدی فرض نماز میں شامل ہونے) جب آتا تھا تو کسی نمازی سے پوچھ لیتا تھا کہ کتنی رکعتیں ہوئی ہیں، پھر وہ فوت شدہ رکعتوں کو پڑ کر جماعت میں شامل ہو جاتا تھا۔ اسی طرح پہلے نماز میں سلام کا جواب دینا جائز تھا، پھر جب آیت "قُوْمُوْا لِلّٰہِ قٰنِتِیْنَ" نازل ہوئی تو نماز میں بولنے کی ممانعت فرمادی گئی۔ اسی طرح پہلے دورانِ نماز سلام کا اشارہ سے جواب دینا جائز تھا، مسجد ضرار کے قصے میں حضوراکرم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُبا کی مسجد میں تشریف لے گئے تو اہل قُبا میں سے جو بھی آتا آں حضرت صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کو سلام کرتا تھا اور آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نماز پڑھتے ہوئے اشارہ سے ان کو جواب دیتے تھے۔

اوپر صحیح مسلم کے حوالے سے جو حدیث ذکر کی گئی ہے، اس سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ پہلے نماز میں صرف تکبیر تحریمہ کے ساتھ رفع یدین نہیں کیا جاتا تھا بلکہ سلام پھیرتے وقت بھی رفع یدین کیا جاتا تھا، جس پر رسول اللہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے نکیر فرمائی اور نماز میں پُر سکون رہنے کا حکم دیا۔

غیر مقلدین حضرات کے اشکالات کے جوابات

بعض غیر مقلدین حضرات مندرجہ بالا حدیث پر یہ اشکال پیش کرتے ہیں کہ، "صحابہ کرامؓ نماز میں سلام پھیرتے ہوئے ہاتھ سے اشارہ کیا کرتے تھے رفع یدین نہیں جو کہ خطا پر مبنی تھا جس پر رسول اللہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے صحابہ کرامؓ کو ایسا کرنے سے منع فرمایا"۔

جواب: غور طلب بات یہ ہے کہ اگر صحابہ کرامؓ سلام پھیرتے ہوئے ہاتھ سے صرف اشارہ کیا کرتے تھے رفع یدین نہیں تو سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ یہ کیسا اشارہ تھا جس کو نبی کریم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے شریر گھوڑوں کی ہلتی ہوئی دُموں سے تشبیح دیا؟ لگتا ہے غیر مقلدین حضرات نے کبھی گھوڑے کی ہلتی ہوئی دُم نہیں دیکھی اس لئے انھیں گھوڑے کی ہلتی ہوئی دُم کی باقائدہ منظر کشی کر کے سمجھانا پڑے گا کہ جب گھوڑا دُم ہلاتا ہے تو اپنے دائیں اور بائیں جانب دُم کو گھڑی کے پینڈولم کی طرح ہلاتا ہے۔ اب آپ خود یہ تجربہ کر کے دیکھ سکتے ہیں کہ اپنے دونوں ہاتھوں کو باری باری اس انداز میں اٹھائیں کہ جیسے گھوڑے کی دُم ہلتی ہے یا گھڑی کا پینڈولم ہلتا ہے تو آپ کو اس بات کا بآسانی مشاہدہ ہو جائے گا کہ ایسا کرنا عین رفع یدین کرنے کے مشابہ ہے۔ عربی میں 'رفع' کا مطلب اٹھانا اور 'ید' کا مطلب ہاتھ کے ہیں اور 'یدین' جمع کا صیغہ ہے یعنی کہ دونوں ہاتھ۔ اب اگر کوئی ہاتھ اٹھا کر اشارہ کرے تو بھی رفع یدین کا ہی مطلب نکلتا ہے۔

دوسرے اشکال کا جواب یہ ہے کہ صحابہ کرامؓ کے اس عمل کو خطا (غلطی) کہنا بہت بڑی حماقت ہے کیونکہ صحابہ کرامؓ جو عمل نبی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کو نماز میں کرتے دیکھتے تھے ویسے ہی خود بھی کیا کرتے تھے اور حدیث کے الفاظ بتا رہے ہیں کہ صحابہ کرامؓ رسول اللہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کے ساتھ جب نماز پڑھتے تو نماز کے ختم پر دائیں بائیں السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہتے ہوئے ہاتھ سے اشارہ بھی کرتے تھے پھر یہ کیسے ممکن ہے کہ صحابہ کرامؓ کی پوری جماعت خود سے نماز میں کوئی ایسا عمل شروع کر دے جسے آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے کبھی نہ کیا ہو۔

۳۔ سجدے میں جاتے وقت رفع الیدین کی منسوخیت کی تیسری دلیل

سب سے پہلے میں وہ منسوخ احادیث پیش کرونگا جن سے سجدے میں جاتے وقت رفع یدین کرنے کی دلیل ملتی ہے پھر اس کے نسخ کی احادیث پیش کرونگا جس سے اس موقع پر رفع یدین نہ کرنے کی دلیل ملتی ہے۔

۱۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ نَصْرِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ، أَنَّهُ رَأَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم رَفَعَ يَدَيْهِ فِي صَلاَتِهِ وَإِذَا رَكَعَ وَإِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوعِ وَإِذَا سَجَدَ وَإِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ السُّجُودِ حَتَّى يُحَاذِيَ بِهِمَا فُرُوعَ أُذُنَيْهِ۔ "حضرت مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، انہوں نے دیکھا رسول اللہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کو ہاتھ اٹھاتے ہوئے نماز میں (یعنی نماز شروع کرتے وقت) اور جب رکوع کیا اور جب رکوع سے سر اٹھایا اور جب **سجدہ کیا اور جب سجدے سے سر اٹھایا کانوں کی لو تک**"۔ (سنن نسائی: جلد نمبر ۲، کتاب الافتتاح، باب رَفْعِ الْيَدَيْنِ لِلسُّجُودِ، رقم الحدیث ۱۰۸۵)

بَابُ رَفْعِ الْيَدَيْنِ لِلسُّجُوْدِ — سجدے کے وقت ہاتھ اٹھانا

۱۰۸۸۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ نَصْرِ بْنِ عَاصِمٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ أَنَّهُ رَأَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَفَعَ يَدَيْهِ فِي صَلَاتِهِ وَإِذَا رَكَعَ وَإِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ السُّجُودِ حَتّٰى يُحَاذِيَ بِهِمَا فُرُوعَ أُذُنَيْهِ۔

مالک بن الحویرث سے روایت ہے انہوں نے دیکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہاتھ اٹھاتے ہوئے نماز میں (یعنی نماز شروع کرتے وقت) اور جب رکوع کیا اور جب رکوع سے سر اٹھایا اور جب سجدہ کیا اور جب سجدے سے سر اٹھایا کانوں کی لو تک۔

۲۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، وَهِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالاَ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم ـ يَرْفَعُ يَدَيْهِ فِي الصَّلاَةِ حَذْوَ مَنْكِبَيْهِ حِينَ يَفْتَتِحُ الصَّلاَةَ وَحِينَ يَرْكَعُ وَحِينَ يَسْجُدُ۔ "حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کو نماز میں کندھوں کے برابر ہاتھ اٹھاتے دیکھا، جب نماز شروع کرتے، جب رکوع کرتے اور جب **سجدہ کرتے**"۔ (سنن ابن ماجہ: جلد نمبر ۱، کتاب اِقامۃ الصلاۃ والسنۃ فیھا، رقم الحدیث ۸۶۰)

٨٦٠- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، وَهِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ قَالاَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ ابْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ يَرْفَعُ يَدَيْهِ فِي الصَّلاَةِ حَذْوَ مَنْكِبَيْهِ حِينَ يَفْتَتِحُ الصَّلاَةَ، وَحِينَ يَرْكَعُ، وَحِينَ يَسْجُدُ.

٨٦٠- حضرت ابو ہریرہ ؓ سے روایت ہے' انھوں نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو نماز میں کندھوں تک ہاتھ اٹھاتے دیکھا' جب نماز شروع کرتے' جب رکوع کرتے اور جب سجدہ کرتے۔

